عزاداری پر ایک مفصل کتاب

جلد اول

صَلَاةُ العزا

قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ

اِنَّ لِقَتْلِ الْحُسَيْنِ عليه السلام حَرَارَةً فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَبْرُدُ اَبَداً

گریہ

ماتم

زنجیر زنی و قمہ زنی

تحریر و تحقیق

سید علی اصغر عباس زیدی

کبھی اے حقیقتِ مُنتظَرؑ،

نظر آ لباسِ مجاز میں

نام کتب -- صلاۃ العزا

موضوع -- عزاداری

تحریرو تحقیق--سید علی اصغر عباس زیدی

بسم الله الرحمن الرحيم

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَواتُكَ

عَلَيْهِ وَعَلى آبائِهِ في هذِهِ السّاعَةِ وَفي كُلِّ ساعَةٍ

وَلِيّاً وَحافِظاً وَقائِداً وَناصِراً وَدَليلاً وَعَيْناً حَتّى

تُسْكِنَهُ اَرْضَكَ طَوْعاً وَتُمَتِّعَهُ فيها طَويلاً۔

فہرست

انتساب 12

تشکر 13

مقدمہ 14

گریہ 16

غم حسین علیہ السلام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گریہ 22

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت جعفر اور زید پر گریہ 25

حضرت حمزہ کی شہادت پر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گریہ 28

حضرت حمزہ علیہ السلام کی شہادت پر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گریہ اور رونے والوں کو دعا 31

شہادت مولا حسین علیہ السلام پر آسمان کا رونا اور جنات کی نوحہ خوانی 34

امام حسن علیہ السلام کی شہادت پر گریہ و نوحہ 40

الوکا مولا حسین علیہ السلام پر گریہ 43

نوحہ کرنا حضرت نوح علیہ السلام کی سنت 45

مردے پہ رونا صبر کے خلاف نہیں! 48

ماتم 51

قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ بی بی سارہ کا ماتم 52

موت کے وقت حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کا ماتم 57

حضرت آدم علیہ السلام کا چالیس سال ماتم کرنا 60

مصیبت میں سر پیٹنا سنت حضرت یوسف علیہ السلام 63

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بی بی سارہ کیلیے ماتم کرنا 66

توریت میں ماتم اور نوحہ خوانی کا خدائی حکم 68

مغموم اور ماتمیوں کو حضرت عیسی علیہ السلام کی بشارت 70

ام المومنین بی بی ام سلمہ سلام اللہ علیھا کو ماتم کی اجازت 72

ران پیٹنا سنت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 76

ران پیٹنا سنت علی علیہ السلام 79

ران پیٹنا سنت صحابہ 82

صحابی کا ماتم روزہ ٹوٹنے پر 87

مصیبت کے وقت ماتم کرنا اور سر پیٹنا حضرت عمر کی سنت 91

کتاب عقد الفرید اور اس کے مؤلف فقیہ احمد بن محمد عبد ربہ کی توثیق 95

ماتم ابوہریرہ 108

حضرت ابو بکر کی وفات پر ماتم 112

حضرت عمر کی وفات پر جنات کا ماتم 115

ماتم زوجہ حضرت عثمان 118

حضرت عثمان کی تدفین پر ان کی صاحبزادی کا ماتم 121

حضرت بلال کا ماتم 124

شہادت رسول اللہ ﷺ پر بی بی عائشہ کا ماتم 127

شہادت رسول ﷺ پر عورتوں نے اپنے رخسار پیٹ پیٹ کر منہ سرخ کر لیے 145

بنی ہاشم کی عورتوں کا مولا حسن علیہ السلام پر ماتم 150

بیبی زینب سلام اللہ علیھا کا مولا حسین علیہ السلام پر ماتم 153

اہل بیت علیہ السلام کا مولا حسین علیہ السلام پر ماتم 156

خالد بن ولید پہ سات روز ماتم ہوا 160

امام حنبل کی وفات پر ماتم 163
امام مالک کی وفات پر ماتم 166
امام الحرمین کی وفات اور انکا ماتم 169
تخصیصاً ماتم حسین علیہ السلام از کتب شیعہ 172
مولا حسین علیہ السلام کے ماتم کی اجازت 175
زنجیر زنی و قمہ زنی 183
آسمان و زمین کا خون بہانا 184
حضرت آدم علیہ السلام کا خون بہانا 193
حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خون بہانا 198
حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خون بہنا 202
شہداء کے غم میں زخم لگانا خون بہانا 206
سرکار امام زمانہ عج سے اجازت زنجیر زنی و قمہ زنی 214
مولا امام زمانہ عج کا خون رونا 220
مولا سجاد علیہ السلام کا خون رونا 227

مولا سجاد علیہ السلام کا خون بہانا 232
مولا سجاد علیہ السلام کا چالیس سال خون رونا 237
امام علی رضا علیہ السلام کی زخمی پلکیں 240
بی بی زینب سلام اللہ علیھا کا پتھر سے ماتم 243
روانگی شہزادہ علی اکبر علیہ السلام اور پتھروں کا ماتم 247
روز عاشور پتھر کا خون رونا 251
مولا سجاد علیہ السلام کا غم حسین علیہ السلام میں خون رونا 254
بی بی زینب سلام علیہا کا سر سے خون نکالنا 259
زیارت مفجعہ 275
ایک اعتراض کا جواب 278
بیبی زینب سلام اللہ علیھا کا قبر حسین علیہ السلام پر خون کا پرسہ 290
صحابیہ حضرت ہند کا غم اہل بیت علیہ السلام میں خون بہانا 294
صحابی حضرت عابس شاکری علیہ السلام کا سر پر ضرب لگانا 301
صحابی امام علی علیہ السلام صعصعہ بن صوحان کا غم امام حسین میں قمہ زنی کرنا 311

حضرت اویس قرنی کا دندان توڑنا 315
امام جعفر صادق علیہ السلام کا زنجیر زنی کا حکم دینا 318
مولا حسین کے غم وماتم میں جسموں پر ایسے زخم لگاتے رہو کہ نشان باقی رہیں۔ 321
مزید کچھ کتابیں 329

انتساب

میں اپنی اس ادنیٰ سی کاوش کو اس بی بی سلام اللہ علیھا کے نام منسوب کرتا ہوں کہ جس کی رضا ضامن نجات ہے۔

تشکر

میں شکر گزار ہوں ان تمام مومنین کا کہ جنہوں نے مجھے ایک لمحے کے لیے بھی اکیلا نہ چھوڑا اور ہر وقت میری حوصلہ افزائی کرتے رہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقدمہ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے جسکی مثل اعلیٰ کو علی علیہ السلام کہتے ہیں درود و سلام ہو اس خاندان پر کہ جن سے مس ہوئ مٹی کو بھی اگر عقیدے کے ساتھ تھام لیا جاے تو وہ ضامن نجات بن جاتی ہے۔

امابعد

مذہب شیعہ کائنات کا واحد ایسا مذہب ہے کہ جس کی صداقت کی دلیل دنیا کی تمام مذاہب کی کتب میں موجود ہے ہے ویسے تو موضوع ھٰذا پہ آج سے پہلے سیکڑوں کتب لکھی گئیں ہیں لیکن ان کا طرز کتابت ادبیات سے پُر ہے جس کی وجہ سے سادہ لومومنین اس سے وہ فائدہ حاصل نہیں کر پاتے جو انہیں کرنا چاہئے میری کوشش

تھی کہ میں اس موضوع پر ایک ایسی کتاب لکھوں جو سادہ لو مومنین کے لیے ہو اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کتاب ھٰذا میں آسان اردو کا استعمال کیا گیا ہے اور مومنین کی سہولت کے لیے ساتھ ہی ساتھ کتاب کے اسکین بھی لگائے گئے ہیں اس کتاب کو دو جلدوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلی جلد میں گریہ ماتم اور زنجیر زنی کے جواز پر دلائل دیئے گئے ہیں اور انشاءاللہ و مولاؑ دوسری جلد میں شعائر اللہ (علم، تابوت وغیرہ) کے جواز پر دلائل دیے جائیں گے۔ اسکے علاوہ عزاداری پر جو اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں ان سب کا جواب دیا جائے گا۔

طالبِ حق

عبدِ محمد وآل محمد

سید علی اصغر عباس زیدی

گریه

بی بی ام سلمہ سلام اللہ علیھا اور خاک کربلا

عبداللہ بن زمعہ کہتے ہیں کہ: ام المومنین بی بی ام سلمہ سلام اللہ علیھا نے مجھے خبر دی کہ ایک دن رسول اللہؐ سو رہے تھے کہ اچانک پریشانی کی حالت میں بیدار ہوئے، پھر سو گئے اور دوبارہ بیدار ہوئے تو انکے ہاتھ میں ایک سرخ رنگ کی خاک تھی جس کو وہ سونگ رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ یہ کون سے خاک ہے؟ فرمایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ امام حسین علیہ السلام کو عراق میں شہید کر دیا جائے گا اور یہ اسی سرزمین کی خاک ہے جہاں پر امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا جائے گا۔ اس پر میں نے جبریل علیہ السلام سے چاہا کہ اس سرزمین کی خاک مجھے دکھائے۔ یہ خاک وہی خاک ہے جو اب میرے ہاتھ میں ہے۔

امام حاکم نیشاپوری کہتے ہیں: یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم کی شرط کے مطابق بھی صحیح ہے، لیکن انہوں نے اپنے کتاب میں اس روایت کو نقل نہیں کیا۔

المستدرک الحاکم جلد 4 صفحہ نمبر 440

المستدرك على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

مع تضمينات الإمام الذهبي في التلخيص والميزان والعراقي في أماليه والمناوي في فيض القدير وغيرهم من العلماء الأجلاء

أول طبعة مرقمة الأحاديث ومقابلة على عدة مخطوطات

دراسة وتحقيق

مصطفى عبد القادر عطا

تتمة كتاب معرفة الصحابة، كتاب الأحكام، كتاب الأطعمة، كتاب الأشربة، كتاب البر والصلة، كتاب اللباس، كتاب الطب، كتاب الأضاحي، كتاب الذبائح، كتاب التوبة والإنابة، كتاب الأدب، كتاب الأيمان والنذور، كتاب النذور، كتاب الرقاق، كتاب الفرائض، كتاب الحدود، كتاب تعبير الرؤيا، كتاب الطب، كتاب الرقى والتمائم، كتاب الفتن والملاحم، كتاب الأهوال.

الجزء الرابع

منشورات
محمد علي بيضون
لنشر كتب السنة والجماعة
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

أغبر معه قارورة فيها دم فقلت: يا نبي الله ما هذا؟ قال: «هذا دم الحسين وأصحابه لم أزل التقطه منذ اليوم» قال: فأحصي ذلك اليوم فوجدوه قتل قبل ذلك بيوم.

هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.

٨٢٠٢/٢٩ ـ أخبرناه أبو الحسين علي بن عبد الرحمن الشيباني بالكوفة، ثنا أحمد بن حازم الغفاري، ثنا خالد بن مخلد القطواني قال: حدثني موسى بن يعقوب الزمعي، أخبرني هاشم بن هاشم بن عتبة بن أبي وقاص، عن عبد الله بن وهب بن زمعة قال: أخبرتني أم سلمة رضي الله عنها أن رسول الله ﷺ اضطجع ذات ليلة للنوم فاستيقظ وهو حائر ثم اضطجع فرقد ثم استيقظ وهو حائر دون ما رأيت به المرة الأولى ثم اضطجع فاستيقظ وفي يده تربة حمراء يقبلها فقلت: ما هذه التربة يا رسول الله؟ قال: «أخبرني جبريل عليه الصلاة والسلام أن هذا يقتل بأرض العراق للحسين فقلت لجبريل أرني تربة الأرض التي يقتل بها فهذه تربتها».

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

٨٢٠٣/٣٠ ـ أخبرنا أبو سهل أحمد بن محمد بن زياد القطان ببغداد، أنبأ عبد الكريم بن الهيثم الديرعاقولي، ثنا أبو اليمان، أنبأ شعيب بن أبي حمزة، عن ابن أبي حسين، عن نافع بن جبير، عن ابن عباس، عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: «رأيت في المنام كأن في يدي سوارين من ذهب فهمني شأنهما فأوحي إلي أن أنفخهما فنفختهما فطارا فأولتهما كاذبين يخرجان من بعدي فقال: لأحدهما مسيلمة صاحب اليمامة والعدني صاحب عنساء».

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

٨٢٠٤/٣١ ـ أخبرنا أحمد بن جعفر القطيعي، ثنا عبد الله بن أحمد بن حنبل، ثنا أبي، ثنا عبد الرحمن بن مهدي، عن معاوية بن صالح، عن ربيعة بن يزيد، عن واثلة بن الأسقع رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: «إن أعظم الفرية أن يفتري الرجل على عينيه يقول: رأيت ولم ير أو يفتري على والديه أو يقول: سمعني ولم يسمعني».

٤/٣٩٩ هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه. /

٨٢٠٢ ـ قال في التلخيص: مرَّ هذا على شرط البخاري ومسلم.
٨٢٠٣ ـ قال في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.
٨٢٠٤ ـ قال في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

ام المومنین بی بی ام سلمہ سلام اللہ علیھا کا مولا حسین علیہ السلام پر گریہ

حضرت سلمی فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ ام سلمہ سلام اللہ علیھا کے ہاں گئی تو وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا: آپ کیوں رو رہی ہیں؟ فرمایا: میں نے خواب میں رسول اللہ کو دیکھا کہ آپ کے سر مبارک اور داڑھی پر خاک تھی میں نے پوچھا تو فرمایا: میں ابھی حسین علیہ السلام کا قتل دیکھ کر آیا ہوں۔۔

(ترمذی شریف/جلد دوم، صفحہ نمبر574/ابواب المناقب، حدیث نمبر 3541)

اس حدیث سے دو باتیں واضح ہیں۔

- غم حسین علیہ السلام میں رونا
- اور رسول اللہؐ کا مولا علیہ السلام کے غم میں اپنی داڑھی اور سر میں خاک ڈالنا (یعنی آج کے دور میں جو بھی مولاؑ کے غم میں سر میں خاک ڈال رہا ہے وہ سنت رسول ادا کر رہا ہے)

الثَّوْبَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ انْظُرُوْا اِلٰی هٰذَا یَسْأَلُ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ هُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا

آنحضرت ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا کہ حسن اور حسین دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں۔

یہ حدیث صحیح ہے شعبہ اسے محمد بن ابی یعقوب سے نقل کرتے ہیں اور ابو ہریرہؓ بھی آنحضرت ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ابن ابی نعم وہی عبدالرحمٰن بن ابی نعم بجلی ہیں۔

۳۵٤۱۔ حدثنا ابو سعید الاشج نا ابو خالد الاحمر نا رزین قَالَ حَدَّثَتْنِیْ سَلْمٰی قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ وَهِیَ تَبْکِیْ فَقُلْتُ مَایُبْکِیْكِ قَالَتْ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ فِی الْمَنَامِ وَعَلٰی رَأْسِهٖ وَلِحْیَتِهِ التُّرَابُ فَقُلْتُ مَالَكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُ قَتْلَ الْحُسَیْنِ اٰنِفًا

۳۵۴۱۔حضرت سلمیٰؓ فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ ام سلمہؓ کے ہاں گئی تو وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا: آپ کیوں رو رہی ہیں؟ فرمایا: میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کے سر مبارک اور داڑھی پر خاک تھی میں نے پوچھا تو فرمایا: میں ابھی حسینؓ کا قتل دیکھ کر آیا ہوں۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۳۵٤۲۔ ابوسعید الاشج نا عقبة بن خالد ثنی یوسف بن ابراهیم اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ یَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ اَهْلِ بَیْتِكَ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَکَانَ یَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ ادْعِیْ لِیَ ابْنَیَّ فَیَشُمُّهُمَا وَیَضُمُّهُمَا اِلَیْهِ

۳۵۴۲۔حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ آپ ﷺ کے اہل بیت میں سے آپ کس سے سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں؟ فرمایا: حسنؓ اور حسینؓ سے۔ نیز آنحضرت ﷺ حضرت فاطمہؓ سے کہا کرتے تھے کہ میرے دونوں بیٹوں کو بلاؤ اور پھر انہیں سونگھتے اور کلیجے سے لگا لیتے۔

یہ حدیث انسؓ کی روایت سے غریب ہے۔

باب ۱۸۲۷۔

باب ۱۸۲۷۔

۳۵٤۳۔ حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن عبدالله الانصاری نا الاشعث هوابن عبدالملك عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ یُصْلِحُ اللّٰهُ عَلٰی یَدَیْهِ بَیْنَ فِئَتَیْنِ

۳۵۴۳۔حضرت ابوبکرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ منبر پر چڑھے اور فرمایا: میرا یہ بیٹا سید ہے یہ دو جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس سے مراد حسنؓ ہیں۔

باب ۱۸۲۸۔

باب ۱۸۲۸۔

۳۵٤٤۔ حدثنا الحسین بن حریث نا علی بن

۳۵۴۴۔حضرت ابو بردہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ

غم حسین علیہ السلام میں رسول اللہ ﷺ کا گریہ

عبداللہ بن نجی کے والد ایک مرتبہ حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ جا رہے تھے، ان کے ذمے حضرت علیؑ کے وضو کی خدمت تھی، جب وہ صفین کی طرف جاتے ہوئے نینوا کے قریب پہنچے تو حضرت علی علیہ السلام نے پکار کر فرمایا ابو عبداللہ فرات کے کنارے پر رک جائو، میں نے پوچھا کہ خیریت ہے؟ **فرمایا میں ایک دن نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسوئوں کی بارش ہو رہی تھی،** میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! کیا کسی نے آپکو غصہ دلایا ہے، خیر تو ہے کہ آپکی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں؟ فرمایا ایسی کوئی بات نہیں ہے، بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے میرے پاس سے جبریل علیہ السلام اٹھ کر گئے ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ حسین علیہ السلام کو فرات کے کنارے شہید کر دیا جائے گا، پھر انہوں نے مجھ سے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو میں آپکو اس مٹی کی خوشبو سونگھا سکتا ہوں؟ میں نے انہیں اثبات میں جواب دیا، تو انہوں نے اپنا ہاتھ بڑھا کر ایک مٹھی بھر کر مٹی اٹھائی اور مجھے دے دی، بس اس وقت سے اپنے آنسوؤں پر مجھے قابو نہیں۔

(مسند امام احمد بن حنبل، مسند الخلفاء الراشدین، جلد اول، صفحہ نمبر 337، حدیث نمبر 248)


جلد اول
مسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (مترجم)
حدیث نمبر: ۱ تا حدیث نمبر: ۱۸۳۷
مؤلف: حضرت امام احمد بن حنبل
مترجم: مولانا محمد ظفر اقبال
مکتبہ رحمانیہ

(٦٤٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا شُرَحْبِيلُ بْنُ مُدْرِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُجَيٍّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَارَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَكَانَ صَاحِبَ مِطْهَرَتِهِ فَلَمَّا حَاذَى نِينَوَى وَهُوَ مُنْطَلِقٌ إِلَى صِفِّينَ فَنَادَى عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ اصْبِرْ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ اصْبِرْ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ بِشَطِّ الْفُرَاتِ قُلْتُ وَمَاذَا قَالَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَيْنَاهُ تَفِيضَانِ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَغْضَبَكَ أَحَدٌ مَا شَأْنُ عَيْنَيْكَ تَفِيضَانِ قَالَ بَلْ قَامَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ قَبْلُ فَحَدَّثَنِي أَنَّ الْحُسَيْنَ يُقْتَلُ بِشَطِّ الْفُرَاتِ قَالَ فَقَالَ هَلْ لَكَ إِلَى أَنْ أُشِمَّكَ مِنْ تُرْبَتِهِ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ فَمَدَّ يَدَهُ فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ فَأَعْطَانِيهَا فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ أَنْ فَاضَتَا [إسناده ضعيف]

(٦٤٨) عبداللہ بن نجی کے والد ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جا رہے تھے، ان کے ذمے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے وضو کی خدمت تھی، جب وہ صفین کی طرف جاتے ہوئے نینوی کے قریب پہنچے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پکار کر فرمایا ابوعبداللہ! فرات کے کنارے پر رک جاؤ، میں نے پوچھا کہ خیریت ہے؟ فرمایا میں ایک دن نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

آنکھوں سے آنسوؤں کی بارش ہو رہی تھی، میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! کیا کسی نے آپ کو غصہ دلایا ہے، خیر تو ہے کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں؟ فرمایا ایسی کوئی بات نہیں ہے، بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے میرے پاس سے جبریل اٹھ کر گئے ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ حسین کو فرات کے کنارے شہید کر دیا جائے گا، پھر انہوں نے مجھ سے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو اس مٹی کی خوشبو سونگھا سکتا ہوں؟ میں نے انہیں اثبات میں جواب دیا، تو انہوں نے اپنا ہاتھ بڑھا کر ایک مٹھی بھر کر مٹی اٹھائی اور مجھے دے دی، بس اس وقت سے اپنے آنسوؤں پر مجھے قابو نہیں ہے۔

(٦٤٩) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ أَنْبَأَنَا الْأَزْهَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْكَاهِلِيُّ عَنْ الْخَضِرِ بْنِ الْقَوَّاسِ عَنْ أَبِي سُخَيْلَةَ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلِ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى حَدَّثَنَا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ وَسَأُفَسِّرُهَا لَكَ يَا عَلِيُّ مَا أَصَابَكُمْ مِنْ مَرَضٍ أَوْ عُقُوبَةٍ أَوْ بَلَاءٍ فِي الدُّنْيَا فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَاللَّهُ تَعَالَى أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عَلَيْهِمْ

رسول اللہ ﷺ کا حضرت جعفر اور زید پر گریہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت جعفر اور زید کی خبر آنے سے پہلے ان کی شہادت کے بارے میں بتادیا اور آپکی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

(صحیح بخاری شریف جلد دوم، کتاب الانبیاء صفحہ نمبر 386، حدیث نمبر 832)



وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ
بخاری شریف
مترجم و محشی
مصنفه:
امام المحدثین ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمہ اللہ
ترجمه وتحشیه:
فاضل شہیر مولینا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری علیہ الرحمہ

يَكُونُوا فِي النَّاسِ بِمَنْزِلَةِ الْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ فَمَنْ وَلِيَ مِنْكُمْ شَيْئًا يَضُرُّ فِيهِ قَوْمًا وَيَنْفَعُ فِيهِ آخَرِينَ فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيئِهِمْ فَكَانَ آخِرَ مَجْلِسٍ جَلَسَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

پہنچا سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ انصار کے نیک لوگوں کی قدر کرے اور جو ان میں سے غلط کار ہوں ان سے درگزر کرے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی یہ آخری مجلس تھی جس میں آپ بیٹھے۔

....

۸۳۱۔ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَخْرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ الْحَسَنَ فَصَعِدَ بِهِ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ.

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے ہمراہ امام حسن کو لے کر منبر پر جلوہ افروز ہوئے۔ پھر فرمایا میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کروا دے گا۔

۸۳۲۔ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى جَعْفَرًا وَزَيْدًا قَبْلَ أَنْ يَجِيءَ خَبَرُهُمْ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر اور حضرت زید کی خبر آنے سے پہلے ان کی شہادت کے بارے میں بتا دیا اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

ف: یہ بات تفصیل طور پر اسی جلد کی حدیث ۱۰۵، ۳۰۹، ۹۳۵ اور ۳۴۳ کے تحت گزر چکی ہے اور ان میں سے کسی حدیث کے تحت اس کا تفصیلی حاشیہ بھی ہے۔ لہٰذا آپ کے اس خبر دینے اور جنگ موتہ کے ان حالات کے بارے میں وہ حاشیہ ملاحظہ فرمایا جائے۔

۸۳۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكُمْ مِنْ أَنْمَاطٍ قُلْتُ وَأَنَّى يَكُونُ لَنَا الْأَنْمَاطُ قَالَ أَمَا إِنَّهُ سَيَكُونُ لَكُمُ الْأَنْمَاطُ فَأَنَا أَقُولُ لَهَا يَعْنِي امْرَأَتَهُ أَخِّرِي عَنِّي أَنْمَاطَكِ فَتَقُولُ أَلَمْ يَقُلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ لَكُمُ الْأَنْمَاطُ فَأَدَعُهَا.

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ کیا تمہارے پاس قالین ہیں؟ میں عرض گزار ہوا کہ ہمارے پاس قالین کہاں سے آئے! ارشاد فرمایا۔ یاد رکھو عنقریب تمہارے پاس قالین ہوں گے۔ پس آج میں اپنی بیوی سے یہ کہتا ہوں کہ اپنا قالین مجھ سے ذرا پرے ہٹا لو تو وہ جواب دیتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا یہ نہیں فرمایا تھا کہ تمہارے پاس قالین ہوں گے۔ پس میں خاموش ہو جاتا ہوں۔

۸۳۴۔ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ عمرہ کرنے کے لئے نکلے اور امیہ بن خلف ابو صفوان کے ہاں ٹھہرے اور امیہ شام کی طرف جاتے ہوئے جب مدینہ منورہ سے گزرتا تو

حضرت حمزہ کی شہادت پر رسول ﷺ کا گریہ

انصار اپنے مقتولین پر روئے، رسول اللہ ﷺ نے سنا تو فرمایا کہ حضرت حمزہ پر رونے والا کوئی نہیں، انصار کی عورتیں رسول اللہ ﷺ کے دروازے پر آئیں اور حمزہ پر روئیں، رسول اللہ ﷺ نے انکے لیے دعا کی اور واپس جانے کا حکم دیا۔ آج تک وہ عورتیں جب انصار میں سے کوئی مرتا ہے۔ تو پہلے حمزہ علیہ السلام پہ روتی ہیں پھر میت پر۔

(طبقات ابن سعد، جلد اول، اخبار النبی، صفحہ نمبر 280)


www.KitaboSunnat.com
طبقات ابنِ سعد
طبقات الکبریٰ
مُصنّف
محمد بن سعد
(المتوفی ۲۳۰ھ)
نفیس اکیڈمی
اردو بازار کراچی

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا سوگ:

انصار اپنے مقتولین پر روئے رسول اللہ ﷺ نے سنا تو فرمایا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ پر رونے والا کوئی نہیں' انصار کی عورتیں رسول اللہ ﷺ کے دروازے پر آئیں اور حمزہ رضی اللہ عنہ پر روئیں رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے دعا کی اور واپس جانے کا حکم دیا۔ آج تک وہ عورتیں جب انصار میں سے کوئی مرتا ہے۔ تو پہلے حمزہ رضی اللہ عنہ پر روتی ہیں پھر میت پر۔

شعبی سے مروی ہے کہ احد کے دن رسول اللہ ﷺ نے مشرکین کے ساتھ مکر کیا (یعنی خفیہ تدبیر کی) اور یہ پہلا دن تھا کہ مکر کیا گیا۔

رسول اللہ ﷺ کے زخم:

انس بن مالک سے مروی ہے کہ احد کے دن نبی ﷺ کے دانت (جو نچلی اور سامنے کے دانتوں کے درمیان تھے) اور آپ کی پیشانی زخمی ہوگئی چہرہ پر خون بہا (صلوات اللہ علیہ رضوانہ رحمۃ و برکاتہ)۔

آپ نے فرمایا وہ قوم کیسے فلاح پاسکتی ہے جس نے اپنے نبی کے ساتھ یہ کیا حالانکہ وہ انہیں کے پروردگار کی طرف بلاتا تھا۔ اسی موقع پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿لیس لك من الامر شی او یتوب علیهم او یعذبهم فانهم ظالمون﴾ (یعنی آپ کو اس معاملہ میں کوئی دخل نہیں خدا کو اختیار ہے۔ انہیں معاف کرے یا ان پر عذاب کرے۔ کیونکہ یہ لوگ ظالم ہیں)۔

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کی شہادت:

عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب یوم احد ہوا تو مشرکین کو شکست ہوئی ابلیس نے پکار کر کہا' اے اللہ کے بندو اپنی دوسری جماعت کو دیکھو پہلی جماعت لوٹی' وہ اور ان کی دوسری جماعت باہم شمشیر زنی کرنے لگی' حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اتفاقاً ان کے باپ نعمان ہیں (جنہیں تلوار ماری جارہی ہے) تو کہا اے اللہ کے بندو یہ تو میرے باپ ہیں' میرے باپ ہیں۔

عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں خدا کی قسم وہ لوگ نہ باز آئے تا آنکہ انہیں قتل کردیا۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ تمہاری مغفرت کرے۔

عروہ نے کہا کہ خدا کی قسم ان کی بقیہ خیر حذیفہ میں رہی یہاں تک کہ وہ بھی اللہ سے جا ملے۔

نوجوان صحابہ رضی اللہ عنہم کا جوش وخروش:

جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے خواب دیکھا کہ ایک محفوظ زرہ میں ہوں اور میں نے ذبح کی ہوئی گائے دیکھی تعبیر لی کہ زرہ سے مراد مدینہ اور گائے سے مراد جماعت ہے۔ اگر تم چاہو تو ہم مدینے میں مقیم رہیں جب وہ لوگ حملہ آور ہوں تو ان سے جنگ کریں۔

انہوں نے کہا' واللہ جاہلیت میں کوئی ہمارے شہر میں داخل نہ ہوا تو اسلام میں کون ہمارے پاس گھسے گا؟ آپ نے فرمایا: تمہاری مرضی' وہ چلے گئے رسول اللہ ﷺ نے زرہ پہن لی تو انہوں نے کہا' کہ ہم نے یہ کیا کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی رائے کو رد کر دیا۔ آئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آپ کی مرضی' فرمایا کسی نبی کو جائز نہیں کہ جب وہ زرہ پہن لے تو اسے قتال سے پہلے

حضرت حمزہ علیہ السلام کی شہادت پر رسول ﷺ کا گریہ اور رونے والوں کو دعا

اسی دوران میں انحضرت ﷺ نے انصاری عورتوں کو اپنے شوہروں، اپنے بیٹوں اور اپنے بھائیوں کیلیے روتے ہوئے سنا۔ اس وقت آپ نے فرمایا۔ "حمزہ کے لیے کوئی رونے والا بھی نہیں ہے۔!"

یہ کہتے کہتے رسول اللہ ﷺ خود رو پڑے۔ غالباً مدینے میں حضرت حمزہ علیہ السلام کی نہ کوئی بیوی تھی اور نہ بیٹی تھی۔ چنانچہ حضرت سعد ابن معاذ نے اپنے گھر کی عورتوں اور اپنی قوم کی عورتوں کو حکم دیا کہ وہ مغرب اور عشاء کے درمیان رسول اللہ ﷺ کے گھر جائیں اور حضرت حمزہ علیہ السلام کی شہادت پر اپنے غم کا اظہار کریں اور روئیں۔

مغرب کے وقت جب آپ ﷺ مسجد سے واپس تشریف لانے لگے تو آپکو رونے کی آواز آئی۔ آپ نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے۔ کسی نے کہا کہ انصاری عورتیں حضرت حمزہ علیہ السلام پہ رو رہی ہیں۔ آپ نے ان خواتین کیلیے دعا کرتے ہوئے فرمایا۔

"اللہ تعالیٰ تم سے اور تمہاری اولاد سے راضی ہو۔۔!"

(سیرت حلبیہ اردو، جلد دوم نصف آخر، صفحہ نمبر 224)

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مفصل و مستند تصنیف

علامہ علی ابن برہان الدین حلبی کی مایہ ناز عربی تصنیف کا اردو ترجمہ

ام السیر

سیرۃ حلبیہ اردو

مع اضافات

۲
جلد دوم
نصف آخر

مرتب و مترجم اردو ○ مولانا محمد اسلم قاسمی فاضل دیوبند

زیر سرپرستی ○ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون 2631861

دعا فرمائی۔ حضرت حمنہ کے یہاں حضرت طلحہ ابن عبید اللہ سے محمد ابن طلحہ پیدا ہوئے تھے۔

(قال) اسی طرح حضرت سعد ابن معاذؓ کی والدہ ہانپتی کانپتی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں۔ آنحضرت ﷺ گھوڑے پر سوار تھے اور حضرت سعد ابن معاذ گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے تھے۔ حضرت سعدؓ نے ان کو دیکھ کر آنحضرت ﷺ سے کہا کہ یا رسول اللہ! میری والدہ ہیں۔ آپ نے فرمایا ان کو خوش آمدید کہو۔ آپ نے ان کی وجہ سے اپنا گھوڑا روک لیا۔ یہاں تک کہ وہ قریب آکر آنحضرت ﷺ کو دیکھنے لگیں۔ آپ نے ان کو ان کے بیٹے حضرت عمرو ابن معاذؓ کی شہادت پر تعزیت پیش فرمائی تو انہوں نے کہا۔

جب میں نے آپ کو صحیح سلامت دیکھ لیا تو بس اب میری مصیبت اور غم ختم ہو گیا۔!"

شہداء کے عزیزوں کو بشارت...... آنحضرت ﷺ نے ام سعدؓ سے فرمایا۔

"اے ام سعد! تمہیں خوش خبری ہو۔ اور سب شہیدوں کے گھر والوں کو بھی خوش خبری دے دو کہ ان سب کے مقتولین جنت میں ایک دوسرے کے ساتھی ہیں اور سب نے اپنے اپنے گھر والوں کے لئے (حق تعالیٰ سے) شفاعت اور سفارش کی ہے۔!"

پسماندگان کے لئے صبر و سکون کی دعا...... ام سعدؓ نے عرض کیا۔

"یا رسول اللہ! ہم سب راضی برضا اور خوش ہیں۔ اور اس خوش خبری کے بعد بھلا ان پر کون رو سکتا ہے۔!"

پھر انہوں نے آپ سے درخواست کی کہ یا رسول اللہ! سب شہیدوں کے پسماندگان کے لئے دعا فرمائیے چنانچہ آپ نے سب شہداء احد کے گھر والوں کے لئے دعا کرتے ہوئے فرمایا۔

"اے اللہ! ان کے دلوں سے غم و الم کو مٹا دے، ان کی مصیبتوں کو دور فرما دے اور شہیدوں کے جو جانشین ہیں انہیں ان کا بہترین جانشین بنا دے۔!"

حمزہ کی بے بسی پر آنحضرت ﷺ کی دلگیری...... اسی دوران میں آنحضرت ﷺ نے انصاری عورتوں کو اپنے شوہروں، اپنے بیٹوں اور اپنے بھائیوں کے لئے روتے ہوئے سنا۔ اس وقت آپ نے فرمایا۔

"حمزہ کے لئے کوئی رونے والا بھی نہیں ہے۔!"

یہ کہتے کہتے آنحضرت ﷺ خود رو پڑے۔ غالباً مدینے میں حضرت حمزہ کی نہ کوئی بیوی تھی اور نہ بیٹی تھی۔ چنانچہ حضرت سعد ابن معاذؓ نے اپنے گھر کی عورتوں اور اپنی قوم کی عورتوں کو حکم دیا کہ وہ مغرب اور عشاء کے درمیان رسول اللہ ﷺ کے گھر جائیں اور حضرت حمزہ کی شہادت پر اپنے غم کا اظہار کریں اور روئیں۔

خواتین کے رونے کی آواز اور آپ کی طرف سے دعا...... غرض جب رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ مدینے میں اپنے مکان پر پہنچے تو چونکہ آپ سخت زخمی تھے اس لئے حضرت سعد ابن معاذ اور حضرت سعد ابن عبادہ نے آپ کو اپنے ہاتھوں پر اٹھا کر گھوڑے سے اتارا۔ پھر آپ ان کا سہارا لئے ہوئے اپنے مکان میں تشریف لے گئے اس کے بعد کچھ ہی دیر میں حضرت بلالؓ نے مغرب کی اذان کہی اور آنحضرت ﷺ اس طرح باہر تشریف لائے کہ آپ سعد ابن معاذ اور سعد ابن عبادہ کا سہارا لئے ہوئے تھے پھر آپ نے مغرب کی نماز پڑھی۔ اس کے بعد جب آپ مسجد سے واپس تشریف لے جانے لگے تو آپ کو رونے کی آواز آئی۔ آپ نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے۔ کسی نے کہا کہ انصاری عورتیں حضرت حمزہؓ پر رو رہی ہیں۔ آپ نے ان خواتین کے لئے دعا کرتے ہوئے فرمایا۔ "اللہ تعالیٰ تم سے اور تمہاری اولاد سے راضی ہو۔!"

شہادت مولا حسین علیہ السلام پر آسمان کا رونا اور جنات کی نوحہ خوانی

علی بن مسہر سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ سے میری دادی نے بیان کیا کہ انہوں نے کہا جب امام حسین علیہ السلام شہید کیے گئے تو میں ان دنوں جوان لڑکی تھی۔ میں نے دیکھا کہ کئی دنوں تک آسمان سرخ رہا اور وہ آپ کے لیے روتا رہا۔

خصائص الکبری، حصہ دوم، صفحہ نمبر 257

صاحب کتاب نے اس باب کے بعد پورا ایک باب باندھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت پر جنوں کا نوحہ کرنا وہ آپ سکین پیج سے پڑھ سکتے ہیں۔

الخصائص الکبری

مصنف

علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ مدقق مولانا عبدالاحد قادری

جلد دوم

ممتاز اکیڈمی

فضل الٰہی مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور

besturdubooks.wordpress.com

لگایا جس نے اپنے چہرے پر زعفران ملا، اس کا چہرہ جھلس گیا اور بیت المقدس میں جس پتھر کو پلٹتے، اس کے نیچے سے تازہ خون نکلتا۔

﴿بیہقی﴾

جمیل بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا جس دن امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے لوگوں نے ان کے لشکر کا اونٹ پایا اور انہوں نے ذبح کر کے اسے پکایا تو وہ حنظل کی مانند کڑوا ہو گیا اور کسی کو قدرت نہ ہوئی کہ اس کا کچھ حصہ نگل سکے۔

﴿بیہقی﴾

گوشت آگ بن گیا:

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا: مجھ سے میری دادی نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا: جس وقت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو میں نے زعفران کو دیکھا تو وہ خاکستر ہو گیا تھا اور میں نے گوشت کو دیکھا تو وہ آگ بن گیا تھا۔

﴿بیہقی، ابونعیم﴾

شہادت حسین پر آسمان کا رونا:

علی بن مسہر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا مجھ سے میری دادی نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا جب امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے تو میں ان دنوں جوان لڑکی تھی۔ میں نے دیکھا کہ کئی دنوں تک آسمان سرخ رہا اور وہ آپ کیلئے روتا رہا۔

﴿بیہقی﴾

قاتلان حسین کا برا انجام:

حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ کی دادی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعفیین کے دو آدمی قتل حسین رضی اللہ عنہ میں موجود تھے تو ان سے میں ایک کا آلہ تناسل اتنا دراز ہوا کہ وہ اسے لپیٹ لیتا تھا اور دوسرے کا حال یہ تھا کہ مشکیزہ اس کے منہ سے لگایا جاتا ہے اور وہ اس کا آخری قطرہ تک پی جاتا مگر وہ سیراب نہ ہوتا یعنی اس کی پیاس نہ بجھتی۔

﴿ابونعیم﴾

امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت پر جنات کا نوحہ کرنا:

✿ حضرت حبیب بن ابی ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا: میں نے امام حسین رضی اللہ عنہ پر جنات کو نوحہ کرتے سنا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

مسح النبی جبینه　　فله بریق فی الخدود
ابواه فی عنیا قریش　　وجده و خیر الجدود

besturdubooks.wordpress.com

7

ترجمہ: ''نبی کریم ﷺ نے حسین رضی اللہ عنہ کی پیشانی پر دست اقدس پھیرا ہے، ان کے رخساروں میں نور کی چمک ہے۔ ان کے ماں باپ قریش میں بلند رتبہ ہیں اور ان کے جد ساری مخلوق کے اجداد سے بہتر ہیں۔''

﴿ابونعیم﴾

حضرت حبیب بن ابی ثابت رضی اللہ عنہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: جب سے نبی کریم ﷺ نے رحلت فرمائی ہے، میں نے جنات کو نوحہ کرتے نہیں سنا بجز آج کی رات کے۔ میرا خیال ہے کہ میرا فرزند یعنی امام حسین رضی اللہ عنہ ضرور شہید کر دیئے گئے ہیں، پھر میں نے اپنی باندی سے کہا: جاؤ پوچھ کر آؤ تو اس نے آکر خبر دی کہ وہ شہید کر دیئے گئے ہیں۔ اس وقت جنات اس طرح نوحہ کرتے تھے:

الا یا عین فاحتفلی بجهد   و من یبکی علی الشهداء بعدی

علی رهط تفودهم المنایا   الی متجبر فی ملک عبد

ترجمہ: ''اے آنکھ تو کوشش کے ساتھ آنسو بہا، میرے بعد ان شہیدوں پر کون روئے گا، یہ رونا ان شہیدوں پر ہے جو موتیں، تجبر، ابن زیادہ ملعون اور عبد بادشاہ یعنی یزید شقی کی طرف کھینچے لیے جا رہی ہیں۔''

﴿ابونعیم﴾

فریدہ بن جابر حضرمی رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے اپنی والدہ سے روایت کی۔ انہوں نے کہا: میں نے جنات کو امام حسین رضی اللہ عنہ پر نوحہ کرتے سنا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

انعی حسینا هبلا

کان حسین جبلا

ترجمہ: ''میں حسین کی شہادت کی خبر دیتا ہوں، وہ بڑے بردبار تھے حسین نکوئی کے پہاڑ تھے۔''

﴿ابونعیم﴾

حضرت ابن لہیعہ رحمۃ اللہ علیہ ابو قبیل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا: جب امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے تو ناپاکوں نے آپ کا سر اقدس تن مبارک سے جدا کر دیا اور وہ ایک منزل میں بیٹھ کر نبیذ پینے لگے تو ایک دیوار سے لوہے کا قلم ان پر نمودار ہوا اور اس نے خون سے یہ سطر لکھی:

اترجوا امة قتلت حسینا

شفاعة جده یوم الحساب

ترجمہ: ''وہ امت جس نے حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کیا، قیامت کے دن ان کے جد کریم ﷺ کی شفاعت کی کیا امید رکھتی ہے۔''

﴿ابونعیم﴾

ام سلمہ سلام اللہ علیھا سے روایت ہے کہ میں نے جنوں کو سنا کہ وہ امام حسین علیہ السلام پر رو رہے تھے۔

(فضائل صحابہ، صفحہ نمبر455، حدیث نمبر1373)



۱۳۷۲۔ ابن سابط رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ سیّدنا حسین بن علی رضی اللہ عنہما مسجد میں داخل ہوئے تو سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے ان کو دیکھ کر فرمایا: جوجنتی نو جوانوں کے سردار کو دیکھنا پسند کرتا ہوتو وہ ان کو دیکھ لے، میں نے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ (1)

[1373] حدثنا عبد الله قال حدثني أبي نا عبدالرحمٰن بن مهدي قال نا حماد بن سلمة عن عمار قال سمعت أم سلمة قالت سمعت الجن يبكين على حسين قال وقالت أم سلمة سمعت الجن تنوح على الحسين رضى الله تعالى عنه

۱۳۷۳۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے جنوں کوسنا کہ وہ سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ پر رو رہے تھے۔ (2)

[1374] حدثنا عبد الله قال حدثني أبي نا حسن هو بن موسى نا حماد بن سلمة عن يونس عن الحسن قال جاء راهبا نجران إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال لهما رسول الله صلى الله عليه وسلم أسلما تسلما فقالا قد أسلمنا قبلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم كذبتما منعكما من الإسلام ثلاث سجودكما للصليب وقولكما اتخذ الله ولدا وشربكما الخمر فقالا فما تقول في عيسى قال فسكت النبي صلى الله عليه وسلم ونزل القرآن ذلك نتلوه عليك من الآيات والذكر الحكيم إلى قوله أبناءنا وأبنائكم قال فدعاهما رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الملاعنة قال وجاء بالحسن والحسين وفاطمة أهله وولده قال فلما خرجا من عنده قال أحدهما لصاحبه اقرر بالجزية ولا تلاعنه قال فرجعا فقالا نقر الجزية ولا نلاعنك قال فأقر بالجزية

۱۳۷۴۔ سیدنا حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نجران کے دو راہب پادری نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: مسلمان ہو جاؤ تمہارے لیے سلامتی ہوگی، انہوں نے کہا: ہم آپ سے پہلے مسلمان ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں جھوٹے ہو بلکہ تین چیزوں نے تمہیں اسلام لانے سے روکا ہے:

۱۔ صلیب کو سجدہ کرنے نے۔
۲۔ تم دونوں کے اس قول نے کہ اللہ نے (معاذ اللہ) اپنے لئے بیٹا بنالیا ہے۔
۳۔ شراب خوری نے۔

پھر انہوں نے کہا: آپ سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے تو قرآن نازل ہوا۔ (ذلك نتلوه عليك من الآيات والذكر الحكيم.... سے ... ابناءنا وابناء كم۔ تک) آل عمران 61-58

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو ملاعنہ (مباہلہ) کی دعوت دی، راوی کہتے ہیں: اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیّدنا حسن، سیّدنا حسین اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہم جو آپ کے اہل و اولاد ہیں، کے ساتھ آئے، جب وہ دونوں پادری آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے جانے لگے تو ایک دوسرے سے کہنے لگا۔ جزیہ مان جاؤ، مباہلہ نہ کرو پھر وہ واپس پلٹے اور کہا: ہم کو جزیہ قبول ہے اور ہم آپ سے مباہلہ نہیں کریں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چلو جزیہ کا اقرار کرلو۔ (3)

[1375] حدثنا عبد الله قال حدثنا أبي نا بن أبي عدي عن بن عون عن عمير بن إسحاق قال كنت مع الحسن بن علي فلقينا

---

(1) تحقیق: اسنادہ صحیح؛ تخریج: المطالب العالیۃ لابن حجر: 71/4

(2) تحقیق: اسنادہ حسن؛ تخریج: المعجم الکبیر للطبرانی: 131/3؛ ح: 2862؛ الاحاد والمثانی لابن ابی عاصم: ح: 425 و؛ قال الہیثمی (321/9؛ ح: 15179): رجالہ رجال الصحیح

(3) تحقیق: اسنادہ صحیح؛ تخریج: المستدرک علی الصحیحین للحاکم: 157/3

امام حسن علیہ السلام کی شہادت پر گریہ ونوحہ

محمد بن اسحق نے بیان کیا ہے کہ بنی سعد بن بکر کے غلام مساور نے مجھ سے بیان کیا کہ جس روز حضرت حسن علیہ السلام فوت ہوئے میں نے ابوہریرہ کو رسول اللہ کی مسجد میں کھڑے ہو کر بلند آواز سے اعلان کرتے ہوئے دیکھا اے لوگوں! آج رسول اللہ کا محبوب فوت ہو گیا ہے پس تم گریہ کرو، آپ کے جنازے کیلیے لوگ جمع ہو گئے حتی کہ بقیع میں کسی آدمی کے سمانے کی گنجائش نا رہی اور مردوں اور عورتوں نے ساتھ روز آپ پر گریہ کیا اور بنی ہاشم کی عورتیں **مسلسل ایک ماہ تک آپ کا نوحہ کرتی رہیں نیز بنو ہاشم کی عورتوں نے ایک سال تک آپ کا سوگ کیا۔**

(تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم صفحہ نمبر 24)


الله
رسول
محمد
تاریخ ابنِ کثیر
البدایہ والنہایہ
حصہ ہفتم۔ ہشتم
علامہ حافظ ابو الفدا عماد الدین ابن کثیر دمشقی
نفیس اکیڈمی
اردو بازار کراچی

دیں اور مروان نے آپ کو چھوڑنے سے انکار کیا۔ اور مروان ان دنوں معزول تھا اور حضرت معاویہؓ کو راضی کرنا چاہتا تھا۔ اور مروان ہمیشہ بنی ہاشم کا دشمن رہا یہاں تک کہ مر گیا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے میں نے ان دنوں حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے گفتگو کی اور میں نے کہا اے ابو عبداللہ خدا سے ڈرو اور فتنہ کو نہ بڑھاؤ بلاشبہ تمہارا بھائی اس بات کو پسند نہ کرتا تھا جو تم دیکھ رہے ہو انہیں اپنی ماں کے ساتھ بقیع میں دفن کر دو تو انہوں نے ایسے ہی کر دیا پھر واقدی نے روایت کی ہے کہ عبداللہ بن نافع نے اپنے باپ سے بحوالہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے بیان کیا کہ میں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی موت کے وقت موجود تھا میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے کہا خدا سے ڈرو اور فتنہ کو نہ بڑھاؤ اور خونریزی نہ کرو اور اپنے بھائی کو اپنی ماں کے پہلو میں دفن کر دو اور آپ کے بھائی نے بھی آپ کو اس بارے میں وصیت کی ہے۔ راوی بیان کرتا ہے حضرت حسینؓ نے ایسے ہی کر دیا اور واقدی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی اسی قسم کی روایت کی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت حسنؓ نے اس بارے میں حضرت عائشہؓ سے اجازت طلب کرنے کے لیے آدمی بھیجا تو آپ نے انہیں اجازت دے دی اور جب حضرت حسنؓ فوت ہو گئے تو حضرت حسینؓ نے ہتھیار پہن لیے اور بنوامیہ نے بھی ہتھیار لگا لیے اور کہنے لگے ہم آپ کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دفن نہیں ہونے دیں گے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بقیع میں دفن ہوں اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ حجرہ میں دفن ہوں؟ اور جب لوگوں کو جنگ کے وقوع پذیر ہونے کا خدشہ ہو گیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت ابو ہریرہ' حضرت جابر اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ آپ جنگ نہ کریں تو انہوں نے ان کی بات مان لی اور اپنے بھائی کو اپنی ماں کی قبر کے نزدیک بقیع میں دفن کر دیا۔

اور سفیان ثوریؒ نے سالم بن ابی حفصہ سے بحوالہ ابو حازم بیان کیا ہے کہ میں نے دیکھا کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے اس روز حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو آگے کیا اور انہوں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی اور کہنے لگے اگر یہ سنت نہ ہوتی تو میں انہیں آگے نہ کرتا۔

اور محمد بن اسحٰق نے بیان کیا ہے کہ بنی سعد بن بکر کے غلام مساور نے مجھ سے بیان کیا کہ جس روز حضرت حسن رضی اللہ عنہ فوت ہوئے میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کی مسجد پر کھڑے ہو کر بلند آواز سے اعلان کرتے دیکھا اے لوگو! آج رسول اللہ ﷺ کا محبوب فوت ہو گیا ہے پس تم گریہ کرو' آپ کے جنازہ کے لیے لوگ جمع ہو گئے حتیٰ کہ بقیع میں کسی آدمی کے سمانے کی گنجائش نہ رہی اور مردوں اور عورتوں نے سات روز آپ پر گریہ کیا اور بنی ہاشم کی عورتیں مسلسل ایک ماہ تک آپ کا نوحہ کرتی رہیں نیز بنی ہاشم کی عورتوں نے ایک سال تک آپ کا سوگ کیا' یعقوب بن سفیان نے بیان کیا ہے کہ محمد بن یحییٰ نے ہم سے بیان کیا کہ سفیان نے جعفر بن محمد سے ان کے باپ کے حوالے سے ہم سے بیان کیا کہ حضرت علیؓ ۵۸ سال کی عمر میں قتل ہوئے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ بھی اسی عمر میں فوت ہوئے اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ بھی اسی عمر میں فوت ہوئے اور شعبہ نے بحوالہ ابوبکر بن حفص بیان کیا ہے کہ حضرت سعد اور حضرت حسن بن علی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت پر دس سال گزرنے کے بعد وفات پائی اور علیہ نے جعفر بن محمد سے ان کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ حضرت حسنؓ نے ۴۷ سال کی عمر میں وفات پائی اور یہی بات کئی لوگوں نے بیان کی ہے اور یہی اصح ہے اور مشہور یہ ہے کہ آپ نے ۴۹ھ میں وفات پائی ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے اور دوسروں نے بیان کیا ہے کہ

الو کا مولا حسین علیہ السلام پر گریہ

مولاؑ فرماتے ہیں کہ الو دن میں روزہ رکھتا ہے رات میں جب افطار کرتا ہے تو غمزدہ ہو جاتا ہے اور پوری رات حسین ابن علی علیہ السلام پر غم زدہ رہتا ہے۔



الى الخراب و الجبال و البراري، و قالت: بئس الامة انتم، قتلتم ابن بنت نبيكم و لا آمنكم على نفسي[١].

[٢٨٣] ٣ ـ و حدثني محمد بن جعفر الرزاز، عن خاله محمد بن الحسين بن ابي الخطاب، عن الحسن بن علي بن فضال، عن رجل، عن ابي عبد الله عليه السلام، قال: ان البومة لتصوم النهار، فاذا افطرت تدلّهت[٢] على الحسين بن علي عليهما السلام حتّى تصبح[٣].

[٢٨٤] ٤ ـ حدثني علي بن الحسين بن موسى، عن سعد بن عبد الله، عن موسى بن عمر، عن الحسن بن علي الميثمي[٤]، قال: قال ابو عبد الله عليه السلام: يا يعقوب رأيت بومة بالنهار تنفس[٥] قط، فقال: لا، قال: و تدري لم ذلك، قال: لا، قال: لانها تظل يومها صائمة على ما رزقها الله، فاذا جنها الليل افطرت على ما رزقت، ثم لم تزل ترنم على الحسين بن علي عليهما السلام حتّى تصبح[٦].

---

١ ـ عنه البحار ٤٥:٢١٤، ٦٤:٣٢٩.

٢ ـ الدله ـ محركة ـ و الدلوه: ذهاب الفؤاد من هم و نحوه، و دلهه العشق تدليها فتدلّه.

٣ ـ عنه البحار ٤٥:٢١٤، ٦٤:٣٢٩.

٤ ـ كذا في النسخ، و لعله سقط في البين الراوي عن الامام عليه السلام و هو يعقوب بن شعيب الميثمي، و هو بقرينة خطاب الامام اليه، و يمكن ان يعقوب بن شعيب كان حاضراً في المجلس و خطاب الامام عليه السلام معه.

٥ ـ لعل التنفس كناية عن التصويت، او عن الاكل و الشرب او عن التفرج و التوسع، كما يقال: انت في نفس من عمرك اي في سعة و فسحة.

٦ ـ عنه البحار ٤٥:٢١٤، ٦٤:٣٢٩.

نوحہ کرنا حضرت نوح علیہ السلام کی سنت

نوح کا نام عبد الجبار ہے اور آپ کے بھائی کا نام صابی بن لامک ہے۔ صائبین کا دین و مذہب انہی کی طرف منسوب ہے۔ اہل علم نے لکھا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک طویل مدت تک دین کی دعوت دیتے رہے۔ اس کے باوجود کم لوگ مسلمان ہوئے تو آپ امت پر نوحہ کیا کرتے تھے اس لیے آپک کا نام نوح پڑ گیا۔

(حیات الحیوان جلد اول صفحہ نمبر 54)


حیاتُ الحیوان
اردو
علامہ کمال الدین الدمیریؒ (م ۸۰۸ھ) کی شہرۂ آفاق کتاب
حیوۃ الحیوان الکبریٰ کا پہلی بار مکمل اردو ترجمہ حیوانات کا انسائیکلوپیڈیا۔ اپنی طرز کا لاجواب اور
عظیم معلومات و حقائق کا خزانہ۔ حروف تہجی کے اعتبار سے سیکڑوں جانوروں کے نام اور کنیتیں،
لغوی تشریحات، جانوروں کی عادات، خصائل اور خصوصیات۔ قرآن کریم اور احادیث میں ان کے
تذکرے اور متعلقہ حوالے، شرعی حلت و حرمت، ضرب الامثال، طبی فوائد، خواب کی تعبیر، تذکروں کے
ذیل میں تاریخی واقعات اور اشعار، اوراد و وظائف، تعویذات و عملیات اور دیگر فوائد۔ نادر اور
دلچسپ واقعات و معلومات۔ اسلامی کتب میں موضوع کی ندرت کے اعتبار سے عظیم شاہکار
کتاب، بیش بہا اور جدید سائنسی و عمومی حواشی اور تحقیقی مقدمات کے ساتھ پہلی بار طباعت
www.KitaboSunnat.com
ادارہ اسلامیات
لاہور — کراچی

www.KitaboSunnat.com

ورقت دموع العین حتی کا نھا   دموع دموعی لا دموع جفونی

ترجمہ:۔اور جب آنکھ سے آنسو بہنے لگے تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ یہ میری آنکھوں کے آنسو نہیں بلکہ آنسوؤں کے آنسو ہیں۔"

(وفیات الاعیان)

نوح علیہ السلام کا واقعہ مورخین نے لکھا ہے کہ نوح علیہ السلام نے انگور کی بیل لگائی۔ایک دن ابلیس آیا اور اس نے اس میں پھونک ماری تو بیل سوکھ گئی۔ یہ ماجرا دیکھ کر آپ رنجیدہ ہو گئے۔ پھر آپ کی خدمت میں ابلیس آیا اور بولا' اے اللہ کے نبی! آپ آج رنجیدہ کیوں نظر آرہے ہیں۔ آپ نے واقعہ سنایا۔ اس پر ابلیس نے یہ مشورہ دیا کہ اگر اس بیل کو سرسبز و شاداب دیکھنا چاہتے ہیں تو میرے مشورہ پر عمل کیجئے اور مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس بیل پر شیر' چیتا' ریچھ' گیدڑ' کتا' لومڑی' مرغ۔ سات جانوروں کا خون بھینٹ کے طور پر چڑھا دوں۔ اس عمل سے مجھے یقین ہے کہ یہ بیل پھر سے سرسبز ہو جائے گی۔ آپ نے اسے اجازت دے دی اور یہ اجازت لاعلمی کی وجہ سے تھی۔ چونکہ نوح کو اس وقت بھینٹ چڑھانے کی حرمت معلوم نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ ابلیس نے ان ساتوں جانوروں کا خون انگور کی بیلوں پر چڑھایا۔ اچانک وہ سبز ہونے لگی بلکہ خون ڈالنے سے اتنا فائدہ ہوا کہ ہمیشہ بیل میں ایک ہی قسم کے انگور لگتے تھے لیکن اس بار سات قسم کے انگور آگئے۔اسی وجہ سے شرابی شیر کی طرح بہادر' ریچھ کی طرح طاقت ور' چیتے جیسا غصہ ور' گیدڑ کی طرح بھونکنے والا' کتے کی طرح جھگڑالو' لومڑی کی طرح چاپلوس اور مرغ کی طرح چیختا رہتا ہے۔

اسی زمانے سے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر شراب حرام کر دی گئی۔(روضۃ العلماء)

نوح [1] علیہ السلام کا نام عبدالجبار ہے اور آپ کے بھائی کا نام صابی بن لامک ہے۔صابئین کا دین و مذہب انہی کی طرف منسوب ہے۔ اہل علم نے لکھا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک طویل مدت تک دین کی دعوت دیتے رہے۔اس کے باوجود کم لوگ مسلمان ہوئے تو آپ امت پر نوحہ کیا کرتے اس لیے آپ کا نام نوح پڑ گیا۔

---

[1] "نوح علیہ السلام" سب سے پہلے نبی ہیں جن کو رسالت سے نوازا گیا۔ چنانچہ ابو ہریرہؓ کی ایک روایت میں ہے "یَانُوْحُ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلَی الْاَرْضِ۔" (مسلم باب الشفاعۃ) اے نوح تم زمین میں پہلے رسول بنائے گئے ہو۔ علمائے انساب نے آپ کا نسب نامہ یوں بیان کیا ہے:۔ نوح بن لامک بن متوشالح بن اخنوخ یا خنوخ بن یارد بن مھلیل بن قینان بن انوش بن شیث علیہ السلام بن آدم۔ قرآن کریم نے نوحؑ کا تذکرہ تینتالیس جگہ کیا۔ نیز ان کی عمر کی تصریح بھی کی ہے۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا (عنکبوت) گویا ساڑھے نو سو سال کی طویل عمر پائی۔ بظاہر یہ طویل عمر خلاف عقل معلوم ہوتی ہے۔ اس شبہ کو دور کرنے کے لیے چند باتیں ملاحظہ فرمایئے۔(۱) ابتدائے دنیا میں زیادہ بیماریاں نہیں ہوتی تھیں۔(۲) جس طرح رسالت اللہ کا خاص عطیہ ہے اسی طرح ان کی عمر بھی مستثنیات میں ہے جو انبیائے کرامؑ کی تاریخ میں موہبت الٰہی و آیۃ اللہ کی فہرست میں شمار ہوتی ہے جن کی حکمت کا معاملہ خود خداوند قدوس کے سپرد ہے۔ اب ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی نافرمان امت پر جو طوفان آیا تھا وہ خاص تھا یا عام۔ بعض کہتے ہیں یہ طوفان اسی علاقے میں تھا جہاں ان کی قوم آباد تھی جس کی مساحت ایک لاکھ چالیس ہزار کیلو میٹر مربع بتائی ہے اور بعض کا خیال ہے کہ طوفان عام تھا۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ طوفان خاص تھا۔ایک دوسری بات بھی قابل ذکر ہے کہ ابوالعلاء المعری شاعر نے اشعار میں بیان کیا ہے کہ قدیم زمانے میں دستور تھا کہ لوگ سنہ و عام بول کر شہر (ماہ۔ مہینہ) مراد لیا کرتے تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

مردے پہ رونا صبر کے خلاف نہیں!

جب سرکار دو عالم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفات ہوئی تو آپکی آنکھوں میں آنسو آگئے، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ تو ہمیں رونے سے منع کرتے ہیں آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا:-

یہ رحمت ہے اور اللہ تعالی اپنے بندوں میں سے رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔

(احیاء العلوم جلد چہرم صفحہ نمبر 226)

تفسیر، حدیث، فقہ، تصوف اور اسرارِ شریعت کا حسین مجموعہ

ایک عظیم انسائیکلوپیڈیا

جلد چہارم

اِحیاءُ علومُ الدّین

جدید اور بامحاورہ سلیس ترجمہ

مذاقُ العارفین

مُصَنِّف

حجۃ الاسلام امام ابو حامد محمد الغزالیؒ

جدید ترجمہ: مولانا ندیم الواجدی فاضل دیوبند

دارالاشاعت

اردو بازار، کراچی ۱ فون ۲۶۳۱۸۶۱

رکھا وہ کھانے لگے' اسی دوران انھوں نے لڑکے کے بارے میں دریافت کیا میں نے کہا الحمد للہ اچھے حال میں ہے' یہ اس لئے کہا کہ جیسا سکون اسے اس رات میسر ہوا بیماری کے بعد اتنا سکون کبھی نہ ملا تھا' پھر میں نے اچھے کپڑے پہنے اور اپنے آپ کو خوب بنایا سنوارا' یہاں تک کہ وہ مجھ سے ہم بستر ہوئے' پھر میں نے ان سے کہا کہ ہمارے ہمسائے کو ایک چیز مانگنے سے ملی تھی' جب دینے والے نے وہ چیز اس سے واپس لے لی تو وہ شور مچانے لگا' انھوں نے کہا ہمسائے نے اچھا نہیں کیا' اسے ایسا نہ کرنا چاہیے تھا' اسکے بعد میں نے ان سے کہا کہ تمہارا بیٹا ہمارے پاس اللہ کی طرف سے امانت تھا' اس نے اپنی امانت واپس لے لی' انھوں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا' صبح کو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اور پورا واقعہ عرض کیا' آپ نے فرمایا۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا فِيْ لَيْلَتِهِمَا (بخاری و مسلم۔ انس)

اے اللہ ان دونوں کو رات کے معاملے میں برکت دے۔

راوی کہتے ہیں اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ اللہ نے انھیں سات لڑکے عطا کئے' جو سب کے سب قرآن کریم کے حافظ اور قاری ہوئے۔ حضرت جابر ابن عبد اللہ راوی ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے خود کو جنت میں دیکھا وہاں میری ملاقات ابو طلحہ کی بیوی رمیصاء سے ہوئی۔ بعض عارفین فرماتے ہیں کہ صبر جمیل یہ ہے کہ مصیبت والا دوسروں سے ممتاز نہ ہو' یعنی اسکے چہرے پر کوئی ایسی علامت نہ پائی جائے جس سے وہ مصیبت زدہ معلوم ہو۔

<u>مردے پر رونا صبر کے خلاف نہیں</u> : مردے پر آنسو بہانا یا دل کا غمزدہ ہونا صبر کے خلاف نہیں ہے' اس لئے کہ یہ بشریت کے تقاضے ہیں' انسان زندگی میں خود کو ان سے جدا نہیں کر سکتا' اسی لئے جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفات ہوئی تو آپ کی آنکھوں میں آنسو آگئے' صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ تو ہمیں رونے سے منع کرتے ہیں' آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا:

اِنَّ هٰذِهٖ رَحْمَةٌ وَاِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

یہ رحمت ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔

مرنے والے کے غم میں رونے سے آدمی مقام رضا سے بھی دور نہیں ہوتا' آدمی فصد کھلواتا ہے' پچھنے لگواتا ہے' کیا وہ اس پر راضی نہیں ہوتا' یقیناً راضی ہوتا ہے اگرچہ تکلیف بھی محسوس کرتا ہے بلکہ اگر تکلیف زیادہ ہو تو رونے لگتا ہے' کیا اس کے رونے کا یہ نتیجہ نکالا جائے کہ وہ خوشی سے فصد نہیں کھلوا رہا ہے۔ ہم اس کی مزید تحقیق کتاب الرضا میں کریں گے انشاء اللہ۔

ابن ابی نجیح نے کسی خلیفہ کی موت پر تعزیتی خط میں لکھا جو شخص یہ بات جانتا ہے کہ جو چیز اللہ نے اس سے لی ہے وہ اس کا حق ہے وہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ جو چیز اللہ نے اسکے لئے باقی رکھی ہے اس میں اس کے حق کی عظمت کا احساس کرے' جان لو کہ جو تم سے پہلے چلا گیا ہے وہ تمہارے لئے باقی ہے' اور جو تمہارے بعد باقی ہے اسکو تمہارے باب میں (صبر کرنے کا) ثواب ملے گا' یہ بات بھی یاد رکھو کہ صابرین کو مصیبت پر صبر کرنے کا جو ثواب ملتا ہے وہ اس نعمت کی بہ نسبت زیادہ عمدہ اور اعلا ہے جو مصائب سے بچے رہنے کی صورت میں انھیں حاصل ہوئی ہے۔

<u>مصیبتوں کو چھپانا کمال صبر ہے</u> : کمال صبر یہ ہے کہ آدمی اپنے مرض' تنگدستی اور دوسری تمام مصیبتیں پوشیدہ رکھے' ایک بزرگ کا قول ہے کہ مصائب' آلام' اور صدقات کا اخفاء احسان کے خزانوں میں سے ایک قیمتی خزانہ ہے۔

صبر کی ان تقسیمات سے پتہ چلتا ہے کہ صبر تمام احوال اور افعال میں واجب ہے' جو شخص شہوات سے بچنے کے لئے گوشہ نشین ہو جائے' وہ صبر سے بے نیاز نہیں ہو سکتا' خواہ کتنا ہی تنہا کیوں نہ رہے اس لئے کہ شیطانی وسوسے قلب پر اثر انداز ہوتے ہیں'

ماتم

قرآن میں حضرت ابراھیم علیہ السلام کی زوجہ بی بی سارہ کا ماتم

حضرت ابرہیم علیہ السلام کا مقام و مرتبہ اللہ نے بلند کیا ہے۔ آپ اللہ کے محبوب نبی تھے۔ آپ پر اللہ کی جانب سے بڑے بڑے امتحانات گزرے۔ جسکی بنا پر بلند مقام و مرتبہ پہ فائز ہوئے۔ آپ پاک نبی اکرم ﷺ کے جد امجد بھی ہیں اور آپ کا دین ہی ملت ابراہیمی ہے۔ ایک مرتبہ فرشتے انسانی شکل میں آئے تاکہ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کو تباہ کیا جائے۔ لیکن دوسری جانب اللہ سے حضرت ابراھیم علیہ السلام کے بیٹے کی خوشخبری تھی اسکو آپ تک پہنچانا تھا۔ حضرت ابراھیم علیہ السلام نے فرشتوں کی ذات کی طرف توجہ مبذول نہیں کی۔ جب انکے سامنے کھانا رکھا تو وہ انکاری ہوئے۔ تو آپ سمجھ گئے کہ یہ زمینی مخلوق نہیں ہے۔ تب فرشتوں کے قائد نے کہا کہ آپکو اللہ کے ہاں سے ایک بیٹے اسحاق کی خوشخبری ہے۔ جب یہ خبر آپکی اپنی زوجہ نے سنی تو اس نے گھبراہٹ سی محسوس کی اور شوہر کے سامنے مقام حیرت اور تعجب سے بڑی چیخ ماری اور منہ کو دونوں ہاتھوں سے پیٹ لیا اور کہا اور کہا کہ اس بڑھاپے کی حالت میں بچے کی پیدائش؟ جناب ابراھیم علیہ السلام اس پر کوئی رکاوٹ نہیں بنے۔ اور نہ ہے زوجہ کو منع کیا اور نہ ہی اس کو ناجائز عمل قرار دیا۔ مفسرین اور مترجمین نے اپنی تفاسیر و تراجم میں **صرۃ** کا معنی چیخ اور **فضکت وجھھا** کا ماتھے یا جبین پر تھپڑ اور ہاتھ مارنے کا لیا ہے۔

- حضرت بی بی سارہ ایک نبی کی بیوی اور دوسرے نبی کی ماں تھیں۔
- حضرت سارہ کو ایک بچے کی خوشخبری دی گئی۔
- حضرت سارہ کی وہ عمر گزر گئی تھی جس میں بچہ جنا جاتا ہے۔
- مقام بشارت آپ کے لیے حیرت اور تعجب کا سبب بنا اور آپ نے چیخیں ماری اور منہ کو پیٹ لیا۔
- نبی کے سامنے جب کوئی عمل کرے اس پر نبی خاموش رہے تو وہ عمل دین کیلیے حجت ہے۔
- خاموشی نبی شریعت کی زبان میں قول اور فعل کے بعد تقریر دین کی تفسیر کیلیے حجت ہوتا ہے۔
- مقام حیرت اور مصیبت میں کوئی عمل جو خلاف فطرت ہو اس کا ہو جانا شریعت میں جائز عمل اور رخصت جانا جاتا ہے۔

سورۃ الذاریات آیت نمبر 29

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ

ترجمہ:- تو ابراہیمؑ کی بیوی چلاّتی آئی اور اپنا منہ پیٹ کر کہنے لگی کہ (اے ہے ایک تو) بڑھیا اور (دوسرے) بانجھ۔

سعید بن منصور، ابن جریر اور ابن منذر نے بیان کیا ہے کہ حضرت مجاہد نے فرمایا: فی صرۃ کا معنی خوبصورتی ہے اور فصکت وجھھا کا معنی ہے کہ اس نے اپنا ہاتھ اپنے چہرے پہ دے مارا۔ اور کہا **ہائے افسوس، ہائے ہلاکت۔**

(تفسیر در منثور جلد 6 صفحہ نمبر 241)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تفسیر درِ منثور مترجم

جلد ششم

تالیف

امام جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ

ترجمہ متن قرآن

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمین

سید محمد اقبال شاہ ۰ محمد بوستان ۰ محمد انور مگھالوی

ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی ۰ پاکستان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

امام ابوالشیخ اور ابن جریر رحمہما اللہ نے حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ وَ فِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ میں رزق سے مراد بارش ہے اور وَ مَا تُوْعَدُوْنَ (اور وہ ہر چیز جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے) اس سے مراد جنت اور دوزخ ہے۔(1)

امام ابن جریر اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے اس آیت کے ضمن میں یہ قول بیان کیا ہے کہ جنت آسمان میں ہے اور خیر و شر میں سے ہر چیز جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔(2)

امام ابن جریر اور ابن ابی حاتم رحمہما اللہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ الآیہ کے تحت انہوں نے فرمایا: مجھ تک یہ خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان اقوام کو قتل اور تباہ و برباد کرے جن کے لیے ان کے رب نے قسم کھائی پھر انہوں نے تصدیق نہ کی۔(3)

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت ابن جریج رحمہ اللہ نے قول باری تعالیٰ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ کے تحت فرمایا: یہ ہر اس شے کے بارے میں ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں فرمایا۔

امام ابن ابی الدنیا، ابن منذر اور بیہقی رحمہم اللہ نے شعب الایمان میں بیان کیا ہے کہ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ کے ضمن میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کیا آپ کو اس خدمت کی خبر پہنچی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بذات خود اپنے معزز مہمانوں کی کی۔(4)

امام عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن منذر رحمہم اللہ نے بیان کیا ہے کہ مذکورہ آیت کے ضمن میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بچھڑے کے ساتھ ان کی مہمان نوازی کی۔(5)

امام عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن منذر رحمہم اللہ نے ذکر کیا ہے کہ فَرَاغَ اِلٰۤى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ کے تحت حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا عام مال بیل اور گائیں تھیں۔(6)

امام عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ ارشاد باری تعالیٰ وَ بَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ میں غلام سے مراد حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔(7)

امام ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ کا معنی ہے اور آپ کی بیوی چیختی چلاتی آئی۔ فَصَكَّتْ اور اپنے چہرے پر طمانچہ دے مارا۔(8)

سعید بن منصور، ابن جریر اور ابن منذر نے بیان کیا ہے کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کہ فِيْ صَرَّةٍ کا معنی صیحۃ خوبصورتی ہے اور فَصَكَّتْ وَجْهَهَا کا معنی ہے کہ اس نے اپنا ہاتھ اپنے چہرے پر دے مارا۔ اور کہا ہائے افسوس، ہائے ہلاکت۔(9)

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 26، صفحہ 41-240، داراحیاء التراث العربی بیروت 2۔ ایضاً، جلد 26، صفحہ 241 3۔ ایضاً
4۔ شعب الایمان، باب فی اکرام الضیف، جلد 7، صفحہ 102 (9636)، دارالکتب العلمیہ بیروت
5۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 26، صفحہ 243 6۔ ایضاً، جلد 26، صفحہ 243 7۔ ایضاً، جلد 26، صفحہ 244
8۔ ایضاً، جلد 26، صفحہ 45-244 9۔ ایضاً، جلد 26، صفحہ 245

موت کے وقت حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کا ماتم

جب حضرت آدم علیہ السلام کا انتقال ہوا تو انکے بیٹوں اور پوتوں میں چالیس ہزار اولادیں موجود تھیں، جنہوں نے ان پر ماتم کیا۔

حضرت آدم علیہ السلام کی موت طبعی تھی، شہادت نہ تھی۔ اسکے باوجود دادا کی جدائی پر ماتم ثابت ہے۔

(سیرت حلبیہ جلد 1 صفحہ نمبر 115)

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مُفصل و مُستند تصنیف

علامہ علی ابن برہان الدین حلبیؒ کی مایہ ناز عربی تصنیف کا اردو ترجمہ

أمّ السیر

سیرۃ حلبیہ اردو

مع اضافات

۱
جلد اول
نصف اول

مرتب و مترجم اردو ○ مولانا محمد اسلم قاسمی فاضل دیوبند

زیر سرپرستی ○ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون 2631861

ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو پیدا کیا تو یہ نور ان کے پیٹھ میں رکھ دیا۔ یعنی پھر یہ نور ان کی پیشانی میں دمکتا تھا اور ان کے سارے نور پر غالب رہتا تھا۔ جیسا کہ آگے پوری بات آئے گی۔

آدمؑ سے صلب شیثؑ میں...... پھر (آدمؑ سے) یہ نور ان کے بیٹے حضرت شیثؑ کے نطفے میں منتقل ہوا جو ان کے نائب بنے۔ حضرت شیثؑ کو اس نور کے متعلق جو کچھ بھی وصیت کی گئی ان میں سے یہ بھی ہے کہ ان کی اولاد میں جس کی طرف بھی وہ اس نور کو منتقل کریں اس کو وصیت کر دیں کہ وہ اس نور کو کسی پاک دامن عورت کے رحم میں رکھے۔ یہ وصیت گذشتہ زمانوں میں اسی طرح چلتی رہی یہاں تک کہ یہ نور عبدالمطلب تک پہنچا۔

نور محمدی ﷺ نسل در نسل...... یہ سب تفصیل اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ آپ ﷺ کے آباء واجداد میں جس کی طرف بھی یہ نور منتقل ہوا اس میں یہ واضح طور پر محسوس ہوتا تھا۔ یہ بات اس گذشتہ بات کے خلاف جاتی ہے جس میں اس نور کے منتقل ہونے کے متعلق بعض مخصوص حضرات کا ذکر کیا گیا ہے (کیونکہ اس تفصیل سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ نور حضرت آدمؑ سے لے کر آنحضرت کے والد عبداللہ تک برابر ایک سے دوسرے میں منتقل ہوتا رہا مگر اس سے پہلے جو روایت گزری ہے اس میں متعین طور پر بعض ناموں کا ذکر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم)

شیثؑ حوا کی تنہا اولاد...... حضرت حوا کے کبھی کوئی تنہا اولاد نہیں ہوئی سوائے حضرت شیثؑ کے (کہ وہ تنہا پیدا ہوئے) جو اس نور ہی کی کرامت تھی۔

شیثؑ پیٹ میں نظر آتے تھے...... روایت ہے کہ وہ یعنی حضرت شیثؑ اپنی والدہ کے پیٹ میں اتنی مدت رہے کہ پیٹ ہی میں ان کے دانت نکل آئے تھے۔ اور ان کی والدہ یعنی حضرت حواؑ کا پیٹ اس وقت اتنا صاف اور پاکیزہ تھا کہ شیثؑ ماں کے پیٹ میں نظر آتے تھے۔ یہ آدمؑ کی تیسری اولاد ہیں۔

آدمؑ کی کل اولاد...... حضرت حوا کے ہر مرتبہ دو بچے ایک لڑکا ایک لڑکی ایک ساتھ پیدا ہوتے تھے۔ چنانچہ ایک روایت ہے کہ ان کے یہاں بیس مرتبہ پیدائش ہوئی جس میں چالیس اولاد ہوئی۔

ایک روایت ہے کہ ایک سو بیس (۱۲۰) بچے ہوئے۔ ایک روایت ہے کہ ایک سو اسی (۱۸۰) بچے ہوئے اور ایک روایت ہے کہ پانچ سو (۵۰۰) بچے ہوئے۔

موت کے وقت آدمؑ کی اولاد...... کہا جاتا ہے کہ جب آدمؑ کی وفات ہوئی تو ان کے بیٹوں اور پوتوں میں چالیس ہزار آدمی تھے جنہوں نے ان کا ماتم کیا۔ آدمؑ کی نسل میں سوائے شیثؑ کی اولاد کے اور کسی بیٹے کی اولاد کے متعلق تاریخی علم نہیں ہے اس لئے کہ ان کی بالکل اولادیں نہیں ہوئیں (یا ان کا سلسلہ نہیں چلا) اس لئے وہ ابوالبشر (یعنی انسانوں کے باپ) ہیں۔

حضرت جابرؓ ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا:۔

"یارسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں مجھے بتلائے کہ ساری چیزوں سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کون سی چیز کو پیدا فرمایا"؟

آنحضرت ﷺ عالم موجودات کی اصل...... آپ ﷺ نے فرمایا:۔

"اے جابر! اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں سے پہلے تمہارے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔"

اسی میں یہ بھی ہے کہ آنحضرت ﷺ (اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ) تمام موجودات کی اصل ہیں۔ واللہ

حضرت آدم علیہ السلام کا چالیس سال ماتم کرنا

ابن عطیہ روایت کرتے ہیں حضرت آدم علیہ السلام جنت میں سو سال مقیم رہے اور ایک روایت میں ہے کہ آپ جنت میں ساٹھ سال مقیم رہے، جنت کی جدائی پر ستر سال اور اپنی خطا پر بھی ستر سال روئے اور جب آپکے فرزند ہابیل قتل ہوئے **تو آپ نے چالیس سال ماتم کیا۔**

قصص الانبیاء صفحہ نمبر 37



لقد کان فی قصصهم عبرة لأولی الألباب
قصص الأنبیاء
انبیاء کرام کے عبرت ونصیحت سے
بھرپور حالات وواقعات
تالیف:
حافظ عماد الدین ابن کثیر الدمشقی رحمہ اللہ
ترجمہ وتخریج وتہذیب:
حافظ عمران ایوب لاہوری حفظہ اللہ

علیہا السلام کو میرے پڑوس سے نکال دو۔ حضرت جبرئیل "و قلنا اھبطو بعضکم لبعض عدو و لکم فی الارض مستقر و متاع الی حین" کے سر سے تاج اتارا۔ اور حضرت میکائیل علیہ السلام نے ان کی جبین سے جواہر سے مرصع پٹکا کھولا حضرت آدم علیہ السلام جنتی درخت کی ایک ٹہنی میں الجھ گئے۔ سمجھے کہ شاید اسی وقت اس خطا کی سزا دی جا رہی ہے۔ سر جھکا لیا اور عفو و درگزر کی التجا کی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا مجھ سے بھاگنا چاہتے ہو؟ عرض کی: اے میرے مولا! اپنی خطا پر نادم و شرمندہ ہوں، اس لیے بھاگ رہا ہوں، تجھ سے بھاگ کر کہاں جاؤں گا۔

قیام جنت کا عرصہ:

ابن عطیہ روایت کرتے ہیں "حضرت آدم علیہ السلام جنت میں سو سال مقیم رہے اور ایک روایت میں ہے کہ آپ جنت میں ساٹھ سال مقیم رہے، جنت کی جدائی پر ستر سال اور اپنی خطا پر بھی ستر سال روئے اور جب آپکے فرزند (ہابیل) قتل ہوئے تو آپ نے چالیس سال ماتم کیا۔" (اسے ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔)

جنت سے کس مقام پر اترے:

ابن ابی حاتم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو جب جنت سے نکالا گیا تو آپ زمین میں "دحنا" نامی مقام پر اترے جو مکہ اور طائف کے درمیان ہے۔ اور حسن سے روایت ہے کہ کہ حضرت آدم علیہ السلام ہندوستان میں اترے اور حواء علیہا السلام جدہ میں۔ ابلیس "دستمسان" سے چند میلوں کے فاصلے پر اترا اور سانپ اصفہان میں۔ (ابن ابی حاتم نے بھی اسے روایت کیا ہے۔)

سدی کا کہنا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام ہندوستان میں اترے اور ان کے ساتھ جنت سے حجر اسود اور جنت کے پتوں کی ایک مٹھی بھی تھی۔ آپ نے ان پتوں کو ہندوستان کی سرزمین پر بکھیر دیا تو اس سے ایک خوبصورت درخت اگ آیا۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "حضرت آدم علیہ السلام صفا پر اترے اور حضرت حواء علیہا السلام مروہ پر۔" (اسے بھی ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے۔)

عبدالرزاق حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا تو انہیں تمام چیزوں کی کاریگری سکھا دی اور جنت کے پھلوں کا توشہ بھی عطا کر دیا اور فرمایا: تمہارے یہ دنیوی پھل ہیں تو جنت کے میوے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان میں تبدیلی آ جاتی ہے۔ (باسی اور خراب ہو جاتے ہیں) مگر جنتی پھلوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

مصیبت میں سر پیٹنا سنت حضرت یوسف علیہ السلام

ترجمہ:-ایک دن جبریل جناب یوسف علیہ السلام کے پاس زندان میں آئےاور خبر دی کہ آپکے باپ کی آنکھیں آپ کے غم میں بے کار ہو گئیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے سر پر ہاتھ مارااور کہا۔کاش میری ماں مجھے نا جنتی اور میں اپنے باپ کیلیے غم کا سبب نہ ہوتا

تفسير الرازي جلد18 صفحہ نمبر199

تفسير الفخر الرازي

المشتهر بالتفسير الكبير ومفاتيح الغيب

للإمام محمد الرازي فخر الدين ابن العلامة ضياء الدين عمر
المشتهر بخطيب الري نفع الله به المسلمين
٥٤٤ — ٦٠٤ هـ

* * * * *

حقوق الطبع محفوظة للناشر
الطبعة الأولى ١٤٠١ هـ - ١٩٨١ م

الجزء الثامن عشر

دار الفكر
للطباعة والنشر والتوزيع

بالنسبة اليه ، جارية مجرى الالقاء في النار للخليل عليه السلام ومجرى الذبح لا بنه الذبيح .

فان قيل : أليس أن الأولى عند نزول المصيبة الشديدة أن يقول (إنا لله وإنا اليه راجعون) حتى يستوجب الثواب العظيم المذكور في قوله (أولئك عليهم صلوات من ربهم ورحمة وأولئك هم المهتدون)

قلنا : قال بعض المفسرين إنه لم يعط الاسترجاع أمة إلا هذه الأمة فأكرمهم الله تعالى إذا أصابتهم مصيبة وهذا عندي ضعيف لأن قوله (إنا لله) اشارة إلى أنا مملوكون لله وهو الذي خلقنا وأوجدنا ، وقوله (وإنا اليه راجعون) اشارة إلى أنه لا بد من الحشر والقيامة ، ومن المحال أن أمة من الأمم لا يعرفون ذلك فمن عرف عند نزول بعض المصائب به أنه لا بد في العاقبة من رجوعه الى الله تعالى ، فهناك تحصل السلوة التامة عند تلك المصيبة ، ومن المحال أن يكون المؤمن بالله غير عارف بذلك .

﴿ المسألة الثالثة ﴾ قوله (يا أسفي على يوسف نداء الأسف وهو كقوله (يا عجبا) والتقدير كأنه ينادي الأسف ويقول : هذا وقت حصولك وأوان مجيئك وقد قررنا هذا المعنى في مواضع كثيرة منها في تفسير قوله (حاش الله) والأسف الحزن على ما فات . قال الليث : اذا جاءك أمر فحزنت له ولم تطقه فأنت أسيف أي حزين ومتأسف أيضا . قال الزجاج : الأصل (يا أسفي) الا أن ياء الاضافة يجوز ابدالها بالألف لخفة الألف والفتحة .

ثم قال تعالى ﴿ وابيضت عيناه من الحزن ﴾ وفيه وجهان :

﴿الوجه الأول﴾ أنه لما قال يا أسفي على يوسف غلبه البكاء ، وعند غلبه البكاء يكثر الماء في العين فتصير العين كأنها أبيضت من بياض ذلك الماء وقوله (وابيضت عيناه من الحزن) كناية عن غلبة البكاء ، والدليل على صحة هذا القول ان تأثير الحزن في غلبة البكاء لا في حصول العمى فلو حملنا الابيضاض على غلبة البكاء كان هذا التعليل حسناً : ولو حملناه على العمى لم يحسن هذا التعليل ، فكان ما ذكرناه أولى . وهذا للتفسير مع الدليل رواه الواحدي في البسيط عن ابن عباس رضي الله عنهما .

﴿ والوجه الثاني ﴾ أن المراد هو العمى قال مقاتل : لم يبصر بهما ست سنين حتى كشف الله تعالى عنه بقميص يوسف عليه السلام وهو قوله (فالقوه على وجه أبي يأت بصيرا) قيل إن جبريل عليه السلام دخل على يوسف عليه السلام حينما كان في السجن فقال إن بصر أبيك ذهب من الحزن عليك فوضع يده على رأسه وقال : ليت أمي لم تلدني ولم أك حزنا على أبي ،

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بی بی سارہ کیلیے ماتم کرنا

اور سارہ کی عمر ایک سو ستائیس برس کی ہوئی۔ سارہ کی زندگی کے اتنے ہی سال تھے۔ اور سارہ نے قریت اربع میں وفات پائی۔ یہ کنعان میں ہے جبرون بھی کہلاتا ہے۔ ابرہام سارہ کیلیے ماتم اور نوحہ کرنے کو وہاں گیا۔

(کتاب مقدس۔ پیدائش باب 23 آیت 2، 1 پرانہ عہد نامہ)

اگر ماتم و نوحہ حرام ہوتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام ہر گز ایسا نا کرتے اور کر لیتے اور اگر کر لیتے تو خدا انکو روک دیتا۔

گی کیونکہ تُو نے میرا حکم مانا۔
۱۹ تب ابرہام اپنے خادموں کے پاس لَوٹ آیا اور وہ سب
بیرسبع کو روانہ ہُوئے اور ابرہام بیرسبع میں قیام کرتا رہا۔

نحور کے بیٹے

۲۰ چند دنوں کے بعد ابرہام کو یہ خبر ملی کہ مِلکاہ بھی ماں بن
چکی ہے اور اُس کے بھی تیرے بھائی نحور سے بیٹے پیدا ہُوئے ہیں'
۲۱ یعنی عُوض جو اُس کا پہلوٹھا ہے اور اُس کا بھائی بُوز، قموائیل
(جو ارام کا باپ ہے)۔ ۲۲ کِسد، حزو، فِلداس، اِدلاف اور
بیتوائیل۔ ۲۳ اور بیتوائیل سے رِبقہ پیدا ہُوئی۔ مِلکاہ کے یہ آٹھوں
بیٹے ابرہام کے بھائی نحور سے پیدا ہُوئے۔ ۲۴ نحور کی داشتہ کے
ہاں بھی' جس کا نام رُومہ تھا' بیٹے پیدا ہُوئے' جن کے نام طبخ،
جاحم، تحش اور معکہ ہیں۔

سارہ کی وفات

۲۳ سارہ کی عمر ایک سو ستائیس برس کی ہُوئی۔
۲ اُس نے ملکِ کنعان کے قریت اربع (یعنی
حبرون) میں وفات پائی اور ابرہام' سارہ کے لیے ماتم اور نوحہ
کرنے کے لیے وہاں گیا۔
۳ تب ابرہام اپنی بیوی کی میت کے پاس سے اُٹھ کر حِتّیوں
سے گفتگو کرنے لگا۔ اُس نے کہا: ۴ میں تمہارے درمیان پردیسی
اور اجنبی ہوں۔ تم مجھے قبرستان کے لیے اپنی کچھ زمین بیچ دو تاکہ
میں اپنے مُردہ کو دفن کر سکوں۔
۵ حِتّیوں نے ابرہام کو جواب دیا: ۶ اے بزرگ' ہماری سن۔
تُو ہمارے درمیان ایک قابلِ تعظیم سردار ہے۔ ہماری قبروں میں
سے جو بہترین ہو' اُس میں تُو اپنے مُردہ کو دفن کر۔ ہم میں سے کوئی
بھی تجھے اپنا مُردہ دفن کرنے کے لیے اپنی قبر دینے سے انکار نہ
کرے گا۔
۷ تب ابرہام اُٹھا اور حِتّیوں کے سامنے' جو اُس ملک کے
باشندے تھے' آداب بجا لایا ۸ اور اُن سے کہا: اگر تمہاری یہ مرضی
ہے کہ میں اپنے مُردہ کو دفن کروں تو میری عرض سنو اور صُحر کے بیٹے
عِفرون سے میری سفارش کرو ۹ کہ وہ مکفیلہ کا غار جو اُس کا ہے
اور اُس کے کھیت کے سرے پر ہے' مجھے بیچ دے۔ اُس سے کہو کہ وہ
اُسے قبرستان کے لیے مجھے بیچ دے۔ میں پوری قیمت ادا کروں گا
تاکہ وہ تمہارے درمیان میری مِلکیّت گنی جائے۔
۱۰ عِفرون حِتّی وہاں اپنے لوگوں کے درمیان بیٹھا ہُوا تھا اور
اُس نے ان سب حِتّیوں کے روبرو جو اُس کے شہر کے پھاٹک پر
جمع تھے' ابرہام کو جواب دیا۔ ۱۱ اُس نے کہا: اَے میرے مالک!
نہیں' میری بات سُن' میں تجھے وہ کھیت دِیئے دیتا ہوں اور وہ غار
بھی جو اُس میں ہے۔ میں اپنے لوگوں کے روبرو یہ جگہ تیرے حوالہ
کرتا ہوں۔ جا اور اپنے مُردہ کو دفن کر۔
۱۲ تب ابرہام اُس ملک کے لوگوں کے سامنے ایک بار پھر
آداب بجا لایا ۱۳ اور اُن کے روبرو عِفرون سے کہا: میری سُن۔
اگر تیری مرضی ہو تو میں اُس کھیت کو خریدنا چاہتا ہوں۔ مجھ سے
قیمت لے لے تاکہ میں اپنے مُردہ کو وہاں دفن کر سکوں۔
۱۴ عِفرون نے ابرہام کو جواب دیا: ۱۵ میرے مالک! میری
بات سُن۔ اُس زمین کی قیمت چاندی کے چار سو مِثقال ہے لیکن یہ
رقم میرے اور تیرے درمیان کیا ہے؟ جا! تُو اپنے مُردہ کو دفن کر۔
۱۶ ابرہام نے عِفرون کی بات مان لی اور سوداگروں میں
رائج وزن کے مطابق چار سو مِثقال چاندی اُسے دے دی جس کا
اعلان عِفرون نے حِتّیوں کی موجودگی میں کیا تھا۔
۱۷ لہٰذا عِفرون کا وہ کھیت جو ممرے کے سامنے مکفیلہ میں
تھا اور وہ غار جو اُس میں تھا تمام درختوں سمیت جو اُس کھیت میں
تھے' ۱۸ اُن سارے حِتّیوں کے سامنے جو شہر کے پھاٹک پر موجود
تھے' باقاعدہ ابرہام کی مِلکیّت قرار دِیئے گئے۔ ۱۹ اُس کے بعد
ابرہام نے اپنی بیوی سارہ کو مکفیلہ کے کھیت کے غار میں جو ملک
کنعان میں ممرے (یعنی حبرون) کے سامنے ہے' دفن کیا۔
۲۰ چنانچہ وہ کھیت اور اُس میں کا غار حِتّیوں کی طرف سے قبرستان
کے لیے ابرہام کی مِلکیت قرار دِیئے گئے۔

اِضحاق اور رِبقہ

۲۴ ابرہام اب ضعیف اور عمر رسیدہ ہو چکا تھا اور
خداوند نے اُسے ہر پہلو سے برکت دی تھی۔
۲ اُس نے اپنے گھر کے خاص خادم سے جو اُس کی سب چیزوں کا
مختار تھا' کہا: اپنا ہاتھ میری ران کے نیچے رکھ اور ۳ خداوند کی جو
آسمان اور زمین کا خدا ہے' قسم کھا کہ تُو میرے بیٹے کو کنعانیوں کی
بیٹیوں میں سے' جن کے درمیان میں رہتا ہوں' کسی سے بھی بیاہ
نہیں کرنے دے گا ۴ بلکہ میرے وطن میں میرے اپنے رشتہ داروں
کے پاس جا کر میرے بیٹے اِضحاق کے لیے بیوی لائے گا۔
۵ خادم نے اُس سے پوچھا: اگر وہاں کی کوئی عورت میرے
ساتھ اِس ملک میں آنے کو راضی نہ ہو تو کیا میں تیرے بیٹے کو اُس
ملک میں واپس لے جاؤں جہاں سے تُو آیا ہے؟
۶ ابرہام نے کہا: خبردار' تُو میرے بیٹے کو وہاں ہرگز واپس نہ

توریت میں ماتم اور نوحہ خوانی کا خدائی حکم

اے میرے بنت قوم! ٹاٹ اوڑھ اور راکھ میں لیٹ۔ اپنے اکلوتوں پر ماتم اور دلخراش نوحہ کر کیونکہ غارتگر ہم پر اچانک آئے گا۔

(کتاب مقدس۔ کتاب یرمیاہ۔ باب 6 آیت نمبر 26)

۱۷ میں نے تُم پر نگہبان مُقرّر کیے اور کہا،
نرسنگے کی آواز کو دھیان سے سُنو!
لیکن تُم نے کہا، ہم نہیں سُنیں گے۔
۱۸ اِس لیے، اَے قومو! سُنو؛
اَے گواہو، دیکھو،
کہ اُن کا حشر کیا ہو گا۔
۱۹ اَے زمین، سُن:
میں اِن لوگوں پر ایسی آفت لا رہا ہُوں،
جو خود اُن کی سازشوں کا پھل ہے،
کیونکہ اُنہوں نے میرے کلام پر دھیان نہ دیا
اور میری شریعت کو مسترد کر دیا۔
۲۰ سَبا کے لوبان
اور دُور کے ملکوں سے لائی ہُوئی خوشبودار جڑی بوٹیوں کی
مجھے کیا پروا ہے؟
تمہاری سوختنی قُربانیاں مجھے پسند نہیں؛
اور تمہارے ذبیحے مجھے خُوش نہیں کرتے۔

۲۱ اِس لیے خداوند یوں فرماتا ہے:

میں اُن لوگوں کے آگے رکاوٹیں کھڑی کروں گا۔
اور باپ اور بیٹے دونوں اُن سے ٹھوکر کھائیں گے؛
اور ہمسائے اور دوست ہلاک ہوں گے۔

۲۲ خداوند یوں فرماتا ہے:

دیکھو، شمالی ملک سے
ایک لشکر آ رہا ہے؛
زمین کے کونوں سے
ایک زبردست قوم کو اُبھارا جا رہا ہے۔
۲۳ وہ کمان اور نیزے سے مسلّح ہیں؛
وہ نہایت سنگدل اور بے رحم ہیں۔
جب وہ اپنے گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں
تب سمندر کی گرج کی طرح شور مچاتے ہیں۔
اَے صیّون کی بیٹی، وہ جنگ کے لیے آراستہ ہو کر
تجھ پر چڑھائی کرنے آ رہے ہیں۔

۲۴ ہم نے اُن کے حالات سُنے ہیں،
جس سے ہمارے ہاتھ ڈھیلے پڑ گئے ہیں۔
ہم سخت تکلیف میں مبتلا ہو گئے،
گویا ایک زچہ کی مانند درد میں گرفتار ہیں۔
۲۵ کھیتوں میں مت جاؤ
نہ ہی راستوں پر چلو پھرو،
کیونکہ دُشمن کے پاس تلوار ہے،
اور ہر طرف خوف چھایا ہُوا ہے۔
۲۶ اَے میرے لوگو، ٹاٹ پہنو
اور راکھ میں لیٹ جاؤ؛
جیسا اکلوتے بیٹے پر ماتم کرتے ہو
اُسی طرح دلخراش واویلا کرو،
کیونکہ غارتگر اچانک
ہم پر ٹوٹ پڑے گا۔

۲۷ میں نے تجھے دھاتوں کا پرکھنے والا بنایا
اور اپنے لوگوں کو کچّی دھات،
تاکہ تُو اُن کی روشوں کو
دیکھے اور پرکھ سکے۔
۲۸ وہ سب لوگ نہایت سرکش ہیں،
جو غیبت کرتے پھرتے ہیں۔
وہ تانبا اور لوہا ہیں؛
اور سب کے سب بداطوار ہیں۔
۲۹ دھونکنیاں زور سے پھونک مار رہی ہیں
تاکہ آگ میں سیسہ پگھل کر صاف ہو جائے،
لیکن صفائی کا عمل بے سود ثابت ہُوا؛
کیونکہ شریر الگ نہ ہو پائے۔
۳۰ وہ مردُود چاندی کہلائیں گے،
کیونکہ خداوند نے اُنہیں مُسترد کر دیا ہے۔

جھوٹا مذہب فضول ہوتا ہے

۷ یہ وہ کلام ہے جو خداوند کی طرف سے یرمیاہ پر نازل
ہُوا: ۲ خداوند کے گھر کے پھاٹک پر کھڑا ہو اور وہاں
یہ پیغام سُنا دے:
اَے یہُوداہ کے سب لوگو جو خداوند کی عبادت کے لیے اِن
پھاٹکوں سے داخل ہوتے ہو، خداوند کا کلام سُنو۔ ۳ ربُّ الافواج،

مغموم اور ماتمیوں کو حضرت عیسی علیہ السلام کی بشارت

میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ تم روؤ گے اور ماتم کرو گے مگر دنیا خوش ہو گی۔ تم غمگیں تو ہو گے مگر تمہارا غم ہی خوشی بن جائے گا۔

(نیا عہد نامہ، کتاب (انجیل) یوحنا باب 16 آیت 20)

پس اگر غم منانا اور ماتم کرنا حرام ہوتا تو حضرت عیسی علیہ السلام مغموم اور ماتمیوں کو خوشی کی خوشخبری نہ دیتے۔

ہو۔ ۷ مگر میں تُم سے سچ سچ کہتا ہُوں کہ میرا یہاں سے رُخصت
ہو جانا تمہارے حق میں بہتر ثابت ہوگا۔ کیونکہ اگر میں نہ جاؤں گا تو
وہ مددگار تمہارے پاس نہیں آئے گا لیکن اگر میں چلا جاؤں گا تو اُسے
تمہارے پاس بھیج دُوں گا۔ ۸ جب وہ مددگار آ جائے گا تو جہاں
تک گناہ، راستبازی اور اِنصاف کا تعلّق ہے وہ دنیا کو مُجرم قرار
دے گا۔ ۹ گناہ کے بارے میں اِس لیے کہ لوگ مجھ پر ایمان نہیں
لاتے۔ ۱۰ راستبازی کے بارے میں اس لیے کہ میں واپس باپ
کے پاس جا رہا ہُوں اور تُم مجھے پھر نہ دیکھو گے۔ ۱۱ اور اِنصاف کے
بارے میں اِس لیے کہ اِس دنیا کا سردار مجرم ٹھہرایا جا چُکا ہے۔
۱۲ مجھے تُم سے اور بھی بہت کچھ کہنا ہے مگر ابھی تُم اُسے
برداشت نہ کر پاؤ گے۔ ۱۳ لیکن جب وہ "رُوحِ حق" آئے گا تو وہ
ساری سچّائی کی طرف تمہاری راہنمائی کرے گا۔ وہ اپنی طرف سے
کچھ نہ کہے گا بلکہ تمہیں صرف وہی بتائے گا جو وہ سُنے گا اور مستقبل میں
پیش آنے والی باتوں کی خبر دے گا۔ ۱۴ وہ میرا اجلال ظاہر کرے گا
کیونکہ وہ میری باتیں میری زبانی سُن کر تُم تک پہنچائے گا۔ ۱۵ سب
کچھ جو بھی باپ کا ہے وہ میرا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے کہا کہ
پاک رُوح میری باتیں میری زبانی سُن کر تُم تک پہنچائے گا۔
۱۶ تھوڑی دیر بعد تُم مجھے دیکھ نہ پاؤ گے اور اُس کے تھوڑی
دیر بعد پھر مجھے دیکھ لو گے۔

غم اور خُوشی

۱۷ اِس پر اُس کے بعض شاگرد آپس میں کہنے لگے کہ اُس
کے یہ کہنے کا کیا مطلب ہے کہ تھوڑی دیر کے بعد تُم مجھے نہ دیکھ
پاؤ گے اور اُس کے تھوڑی دیر بعد پھر مجھے دیکھ لو گے اور یہ کہ میں
باپ کے پاس جا رہا ہُوں۔ ۱۸ چنانچہ وہ ایک دُوسرے سے پُوچھتے
رہے کہ "تھوڑی دیر" سے اُس کا کیا مطلب ہے؟ ہماری سمجھ میں تو
کچھ نہیں آتا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔
۱۹ یسُوعؔ نے دیکھا کہ وہ اُس سے اِس بارے میں پُوچھنا
چاہتے ہیں۔ لہٰذا اُس نے اُن سے کہا: کیا تُم آپس میں یہ پُوچھ
رہے ہو کہ میرا مطلب کیا تھا جب میں نے کہا کہ تھوڑی دیر کے بعد
تُم مجھے نہ دیکھ پاؤ گے اور اُس کے تھوڑی دیر بعد پھر مجھے دیکھ
لو گے؟ ۲۰ میں تُم سے سچ سچ کہتا ہُوں کہ تُم روؤ گے اور ماتم کرو گے
لیکن دنیا کے لوگ خُوشی منائیں گے۔ تُم غمگین تو ہو گے لیکن تمہارا غم
خُوشی میں بدل جائے گا۔ ۲۱ جب کسی عورت کے بچّہ پیدا ہونے لگتا
ہے تو وہ غمگین ہو جاتی ہے، اِس لیے کہ اُس کے دُکھ کی گھڑی آ پہنچی۔
لیکن جوں ہی بچّہ پیدا ہو جاتا ہے تو اِس خُوشی کے باعث کہ دنیا میں
ایک اِنسان پیدا ہُوا ہے، وہ اپنا درد بھُول جاتی ہے۔ ۲۲ یہی حال
تمہارا ہے۔ اب تُم غمگین ہو مگر میں تُم سے پھر ملوں گا۔ تب تُم خُوشی
مناؤ گے اور تُم سے تمہاری خُوشی کوئی بھی چھین نہ سکے گا۔ ۲۳ اُس
دن تمہیں مجھ سے کوئی بھی سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ میں تُم
سے سچ سچ کہتا ہُوں کہ اگر تُم میرا نام لے کر باپ سے کچھ مانگو گے تو
وہ تمہیں عطا فرمائے گا۔ ۲۴ تُم نے میرا نام لے کر اب تک کچھ
نہیں مانگا۔ مانگو تو پاؤ گے اور تمہاری خُوشی پُوری ہو جائے گی۔
۲۵ اگرچہ میں یہ باتیں تمہیں تمثیلوں کے ذریعہ بتاتا ہُوں
مگر وقت آ رہا ہے کہ میں تمثیلوں سے کام نہیں لُوں گا بلکہ میں اپنے
باپ کے بارے میں تُم سے صاف صاف باتیں کروں گا۔ ۲۶ اُس
دن تُم میرا نام لے کر مانگو گے اور میں وعدہ نہیں کرتا کہ میں تمہاری
خاطر باپ سے سوال کروں گا۔ ۲۷ کیونکہ باپ تو خُود تُم سے محبّت
رکھتا ہے اِس لیے کہ تُم نے مجھ سے محبّت رکھّی ہے اور تُم ایمان
لائے ہو کہ میں خدا کی طرف سے آیا ہُوں۔ ۲۸ میں باپ میں
سے نکل کر دنیا میں آیا ہُوں۔ اب دنیا سے رُخصت ہو کر باپ کے
پاس واپس جا رہا ہُوں۔
۲۹ اِس پر یسُوعؔ کے شاگردوں نے اُس سے کہا: اب تُو صاف
صاف بات کر رہا ہے اور تمثیل سے کام نہیں لے رہا ہے۔ ۳۰ اب ہم
جان گئے کہ تجھے سب کچھ معلوم ہے اور تُو اِس کا محتاج نہیں کہ کوئی
تجھ سے پُوچھے ہم ایمان لاتے ہیں کہ تُو خدا کی طرف سے آیا ہے۔
۳۱ یسُوعؔ نے اُنہیں جواب دیا: اب تو تُم ایمان لے آئے۔
۳۲ لیکن وہ وقت آ رہا ہے بلکہ آ پہنچا ہے کہ تُم سب پراگندہ ہو کر
اپنے اپنے گھر کی راہ لو گے اور مجھے اکیلا چھوڑ دو گے۔ پھر بھی میں
اکیلا نہیں ہُوں کیونکہ میرا باپ میرے ساتھ ہے۔
۳۳ میں نے تمہیں یہ باتیں اِس لیے کہیں کہ تُم مجھ میں تسلّی
پاؤ۔ تُم دنیا میں مصیبت اُٹھاتے ہو مگر ہمّت سے کام لو۔ میں دنیا پر
غالب آیا ہُوں۔

خداوند یسُوعؔ کی دعا

۱۷ جب یسُوعؔ یہ سب کہہ چُکا تو اُس نے آسمان کی
طرف آنکھیں اُٹھا کر یہ دعا کی:

"اَے باپ! اب وقت آ گیا ہے، تُو اپنے بیٹے کا جلال ظاہر
کرتا کہ تیرا بیٹا تیرا اجلال ظاہر کرے۔ ۲ چنانچہ تُو نے اُسے تمام
اِنسانوں پر اِختیار بخشا تاکہ وہ اُن سب کو جنہیں تُو نے اُسے دیا
ہے ہمیشہ کی زندگی دے۔ ۳ ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ واحد

ام المومنین بی بی ام سلمہ سلام اللہ علیھا کو ماتم کی اجازت

ترجمہ: ایک دن حضرت اُمِ سلمہ سلام اللہ علیھا نے نبی پاکؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ یا نبیؐ اللہ ولید ابن ولید ابن مغیرہ کا بنی مخزوم کی عورتوں نے ماتم بپا کیا ہے اور میں اس ماتم میں شرکت کے لیے آپ کی اجازت چاہتی ہوں پس رسولؐ اللہ نے اُمِ سلمہ سلام اللہ علیھا کو اجازت دے دی اور اُمِ سلمہ سلام اللہ علیھا آئیں اور روتے ہوئے اس شعر کے ساتھ ماتم کیا۔

قارئین کرام! آپ نے غور فرمایا کہ اُم المومنین نے نبی پاکؐ کو ماتم برپا ہونے کی خبر دی اور ماتم میں شرکت کی اجازت بھی طلب کی اور نبی پاکؐ نے اجازت بھی دے دی اگر ماتم کرنا حرام ہوتا تو یقینا" نبی کریمؐ ہر گز اُم المومنین کو اجازت نہیں دیتے اور اس میں جانے سے منع کرتے اور جن عورتوں نے ماتم برپا کیا تھا ان پر ناراض ہوتے کہ یہ غیر شرعی کام ہے لیکن ایسا نہیں ہوا نبی کریمؐ نے انہیں منع نہیں کیا اور اُم المومنین کو شرکت کی اجازت دے دی بی بی اُمِ سلمہ سلام اللہ علیھا نے ماتم میں شرکت ہی نہیں کی بلکہ ماتم میں نوحہ بھی پڑھا اُم المومنین کا نبی کریمؐ کی اجازت سے بزم ماتم میں شرکت کرنا ثابت ہے اور ہم دیکھیں گے کہ مُلا حضرات اس روایت کے بعد اُم المومنین پر کیا فتویٰ لگاتے ہیں۔

مجمع الزوائد و منبع الفوائد 1-12 مع الفھارس ج 3 صفحہ نمبر 87

مجمع الزوائد ومنبع الفوائد

تأليف

الحافظ نور الدين علي بن أبي بكر بن سليمان
الهيثمي المصري
المتوفى ٨٠٧هـ سنة

تحقيق

محمد عبد القادر عطا

الجزء الثالث

يحتوي على الكتب التالية:

الجنائز - الزكاة - الصيام - الحج

دار الكتب العلمية
Dar Al-Kotob Al-Ilmiyah
DKI
أسسها محمد علي بيضون سنة 1971 بيروت - لبنان
Est. by Mohammad Ali Baydoun 1971 Beirut - Lebanon
Etablie par Mohamad Ali Baydoun 1971 Beyrouth - Liban

Copyrighted material

اللَّهُ عَذَابًا بِمَا يَقُولُونَ»(١).

رواه أحمد، وَفِيهِ ابن لهيعة، وَفِيهِ كلام.

٦٤ – باب فيما يقال فِي الميت مما فِيهِ

٤٠٣١ – عَنْ ابن عباس، قَالَ: جعلت أم سعد تقول: وَيْلُ أُمِّ سَعْدٍ سَعْدًا جِزَامَةً وجدًّا، فَقَالَ النَّبِي ﷺ: «لا تَزِيدِينَ عَلَى هَذَا، لا تَزِيدِينَ عَلَى هَذَا، وَكَانَ والله مَا عَلِمْتُ حَازِمًا فِي أَمْرِ اللَّه قَوِيًّا فِي أَمْرِ الله».

رواه الطبراني فِي الكبير، وَفِيهِ مسلم الملائي وَهُوَ ضعيف.

٤٠٣٢ – ورواه أيضًا عَنْ محمد بن إسحاق قَالَتْ أم سعد حِينَ حمل نعشه وهي تبكيه: «وَيْلُ أُمِّ سَعْدٍ سَعْدًا جِزَامَةً وجِدًّا وَسَيِّدًا سَدَّ بِهِ مَسَدًّا» فَقَالَ النَّبِي ﷺ: «كُلُّ بَاكِيَةٍ تَكْذِبُ إِلاَّ بَاكِيَةَ سَعْدِ بنِ مُعاذٍ».

٤٠٣٣ – وَعَنْ أم سلمة أنها قَالَتْ: يَا رَسُول اللَّه، إن نساء بني مخزوم قَدْ أقمن مأتمهن على الوليد بن الوليد بن المغيرة، فأذن لها، فَقَالَتْ وهي تبكيه:

أَبْكِي الوَلِيدِ بنَ المُغِيرَة أَبْكِي الوَلِيدِ بنَ الوَلِيدِ أَخَا العَشِيرَة

رواه الطبراني فِي الصغير والأوسط، وَفِيهِ ثابت أبو حمزة الثمالي، وَهُوَ ضعيف(٢).

٦٥ – باب فيمن ضرب الخدود وغير ذَلِكَ

٤٠٣٤ – عَنْ أبي هريرة، قَالَ: قَالَ رَسُول اللَّه ﷺ: «ليس منا من ضرب الخدود، وشق الجيوب، ودعا بدعوى الجاهلية»(٣).

رواه الطبراني فِي الأوسط، وَفِيهِ عبد اللَّه بن عبد القدوس، وَفِيهِ كلام، وَقَدْ وثق.

٤٠٣٥ – وَعَنْ جابر، قَالَ: قَالَ رَسُول اللَّه ﷺ: «ليس منا من حلق وَلاَ سلق، وَلاَ خرق»(٤).

رواه البزار، ورجاله ثقات، ورواه أبو يعلى أيضًا.

---

(١) أخرجه أحمد في المسند (٦٦/٦)، وأورده المصنف في زوائد المسند برقم (١١٨٥).
(٢) أخرجه الطبراني في الأوسط برقم (٦٧٥٣).
(٣) أخرجه الطبراني في الأوسط برقم (٢١٤٣).
(٤) أورده المصنف في كشف الأستار برقم (٨٠١)، وقال البزار: لا نعلمه رواه إلا البصريون حماد ابن زيد وعباد بن عباد وغيرهما.

Copyrighted material

يزيد القسري، ثنا ثابت أبو حمزة الثمالي، عن أبي جعفر محمد بن علي بن الحسين، عن أم سلمة، أنها قالت:

يا رسول الله! إن نساء بني مخزوم قد أقمن مأتمهن على الوليد بن الوليد بن المغيرة، فأذن لها، فقالت: ــ وهي تبكيه ــ

أبكي الوليد بن الوليد بن المغيرة، أبكي الوليد بن الوليد أخا العشيرة.

لا يروى عن أم سلمة، إلا بهذا الإسناد، تفرد به هشام.

[١٢٥٩] ــ حدثنا أحمد بن زهير، ثنا أبو كريب، ثنا إبراهيم بن يوسف / بن أبي إسحاق، عن أبيه، عن أبي إسحاق، عن أبي ميسرة، ١١٠ ح

أن أسامة بن زيد لما قدم(١) لم يأت النبي ﷺ أياماً، ثم أتاه، فلما نظر إلى النبي ﷺ [(٢)بكى]، فقال له: غبت عنا ما غبت ثم جئت تحزننا.

لم يروه عن أبي إسحاق، إلا يوسف.

[١٢٦٠] ــ حدثنا محمد بن معاذ الحلبي، نا موسى بن إسماعيل، ثنا بشار بن عبد الملك، حدثتني أم حكيم، قالت: سمعت أم إسحاق تقول:

= تخريجه: أخرجه الطبراني في الصغير (٢/٨٢) والأوسط (٢ ل ١٢٢) وقال الهيثمي في المجمع (٣/١٥) وفيه ثابت أبو حمزة الثمالي ــ وهو ضعيف.
قلت: وفيه ــ أيضاً ــ خالد بن يزيد القسري وهو ضعيف.

[١٢٥٩] ــ تراجم رجال الإسناد:
• أحمد بن زهير، تقدم حديث ١٢.
• إبراهيم بن يوسف بن إسحاق بن أبي إسحاق السبيعي، صدوق يهم مات سنة ١٩٨

ام المومنین، حضرت ام سلمیٰ نے ولید ابن مغیرہ کے ماتم میں شامل ہونے کی رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کرنا

في مظانه.

[١٢٦٠] ــ تراجم رجال الإسناد:
• محمد بن معاذ الحلبي، تقدم حديث ٣٣. =

(١) في (طس): بعد قدم زيادة «النبي ﷺ».
(٢) ساقط من (طس).



ران پیٹنا سنت نبی ﷺ

راوی کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب لوٹے اس حال میں کہ اپنی ران کو پیٹ رہے تھے۔

(صحیح البخاری جلد دوم صفحہ نمبر 241)

شارح ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں وقت افسوس ران پیٹنے کا جواز ہے۔ ملا حضرات ران پیٹنے کے عمل کے باطل ہونے کو فتوی دیتے ہیں۔ تو بتائیں کہ نبی کریم ﷺ نے جب ران پیٹی تو حضور ﷺ کے عمل کا کیا ہوا؟ رسول اللہ شریعت کے بادشاہ ہیں اور انحضرت ﷺ کا ران پیٹنے کا ذکر کتب اہلیسنت میں موجود ہے۔ صحیح البخاری کی ہر حدیث کو اہلسنت حضرات من حیث السند صحیح مانتے ہیں۔ جب شریعت کا بادشاہ خود ران پیٹ رہا ہے تو پھر اگر شیعہ غم امام حسین علیہ السلام میں ماتم کریں، ران پیٹیں تو ان کے عمل کیوں باطل ہوں گیں بلکہ جو آل محمد ﷺ سے بغض رکھتے ہیں اور درجہ نفاق پر فائز ہیں عمل انکے باطل ہیں۔

[illegible]

صحیح بخاری

جلد دوم

امیر المومنین فی الحدیث سید الفقہاء

حضرت الامام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ

ترجمہ و تشریح

حضرت مولانا محمد داؤد راز رحمہ اللہ

نظر ثانی

حضرت العلام مولانا عبدالسلام البستوی رحمہ اللہ
حضرت العلام مولانا ابو محمد عبدالجبار سلفی رحمہ اللہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَيْلَةً لِلصَّلَاةِ

کے لئے جگانے آئے تھے۔

١١٢٦- حَدَّثَنَا ابْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً فَقَالَ: ((سُبْحَانَ اللهِ، مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ، مَا ذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ، مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ؟ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ.

[راجع: ١١٥]

(١١٢٦) ہم سے محمد بن مقاتل نے بیان کیا' انہیں عبداللہ بن مبارک نے خبردی' انہیں معمر نے خبردی' انہیں زہری نے' انہیں ہند بنت حارث نے اور انہیں ام سلمہ ؓ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک رات جاگے تو فرمایا سبحان اللہ! آج رات کیا کیا بلائیں اتری ہیں اور ساتھ ہی (رحمت اور عنایت کے) کیسے خزانے نازل ہوئے ہیں۔ ان حجرے والیوں (ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہن) کو کوئی جگانے والا ہے افسوس! کہ دنیا میں بہت سی کپڑے پہننے والی عورتیں آخرت میں ننگی ہوں گی۔

١١٢٧- حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ أَخْبَرَهُ ((أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ ﷺ لَيْلَةً فَقَالَ: ((أَلَا تُصَلِّيَانِ؟)) فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَنْفُسُنَا بِيَدِ اللهِ، فَإِذَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا. فَانْصَرَفَ حِيْنَ قُلْنَا ذَلِكَ وَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، ثُمَّ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُوَلٍّ يَضْرِبُ فَخِذَهُ وَهُوَ يَقُولُ: ﴿وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا﴾.

[أطرافه في: ٤٧٢٤، ٧٣٤٧، ٧٤٦٥].

(١١٢٧) ہم سے ابوالیمان نے بیان کیا' کہا کہ ہمیں شعیب نے زہری سے خبردی' کہا کہ مجھے حضرت زین العابدین علی بن حسین نے خبردی اور انہیں حضرت حسین بن علی ؓ نے خبردی کہ علی بن ابی طالب ؓ نے انہیں خبردی کہ رسول اللہ ﷺ ایک رات ان کے اور فاطمہ ؓ کے پاس آئے' آپؐ نے فرمایا کہ کیا تم لوگ (تہجد کی) نماز نہیں پڑھو گے؟ میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہؐ! ہماری روحیں خدا کے قبضہ میں ہیں' جب وہ چاہے گا ہمیں اٹھا دے گا۔ ہماری اس عرض پر آپ واپس تشریف لے گئے۔ آپ نے کوئی جواب نہیں دیا لیکن واپس جاتے ہوئے میں نے سنا کہ آپؐ ران پر ہاتھ مار کر (سورۂ کہف کی یہ آیت پڑھ رہے تھے) آدمی سب سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ ﴿وکان الانسان اکثر شئی جدلا﴾

تشریح: یعنی آپؐ نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ ؓ کو رات کی نماز کی طرف رغبت دلائی لیکن حضرت علی ؓ کا عذر سن کر آپ چپ ہو گئے۔ اگر نماز فرض ہوتی تو حضرت علی ؓ کا عذر قابل قبول نہیں ہو سکتا تھا۔ البتہ جاتے ہوئے تأسف کا اظہار ضرور کر دیا۔

مولانا وحید الزماں لکھتے ہیں کہ حضرت علی ؓ کا جواب فی الحقیقت درست تھا مگر اس کا استعمال اس موقع پر درست نہ تھا کیونکہ دنیادار کو تکلیف ہے اس میں نفس پر زور ڈال کر تمام اوامرالٰہی کو بجالانا چاہئے۔ تقدیر پر تکیہ کر لینا اور عبادت سے قاصر ہو کر بیٹھنا اور

ران پیٹنا سنت علی علیہ السلام

جب بی بی عائشہ کو شکست ہوئی اور امیر المومنین علی علیہ السلام نے مقتولین کی لاشوں کو دیکھا تو اپنی ران پیٹنی شروع کر دی۔

(تحفہ اثنا عشری، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، صفحہ نمبر 638)

جب کہ یہ ملا حضرات فتوی لگاتے ہیں کہ ران پیٹنے سے عمل باطل ہو جاتے ہیں۔ اگر اسے درست مان لیا جائے تو کیا حضرت آدم علیہ السلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مولا علی علیہ السلام کا کوئی عمل باقی نہ رہا۔

کتاب تحفہ اثنا عشریہ کا ایک جواب شیعوں نے نزہتہ اثنا عشریہ 12 جلدوں میں شائع کیا اور دوسرا جواب عبقات الانوار 16 جلدوں میں شائع کیا ہے۔ اس کے باوجود اس کتاب کو قاضی جی کتاب لاجواب کہتے ہیں۔ ناانصافی کی بھی کوئی حد ہوتی ہے۔ اسی تحفے سے ہم نے مولا علی علیہ السلام کے ماتم کرنے کو ثابت کیا ہے ہو سکتا ہے کہ اب یہ لوگ کہہ دیں کہ تحفہ ہماری معتبر کتاب نہیں ہے۔۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تحفہ اثنا عشریہ

اردو

وہ عظیم الشان کتاب جس میں شیعہ مذہب کی ابتداء، ان کے بے شمار فرقے شیعوں کے اسلاف و علماء اور ان کی کتابیں و احادیث اور ان کے راویوں کے حالات۔ ان کے مکر و فریب کے طریقے جن سے وہ سادہ لوگوں کو اپنے مذہب کی طرف لاتے ہیں۔ الوہیت، نبوت، معاد اور امامت کے بارے میں اُن کے عقائد اُن کے پوشیدہ فقہی مسائل، صحابۂ کرام، ازواج مطہرات اور اہل بیت کے متعلق ان کے عقائد و اقوال۔ اُن کے جھوٹ، مکائد و مطاعن، ان کے اوہام و تعصبات اور ہفوات کی تفصیل۔ غرض اس کتاب میں اس موضوع کے تمام مباحث جمع کر دیے گئے ہیں۔

تصنیف: حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ

ترجمہ اردو: مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی (مظاہری)

www.KitaboSunnat.com

ناشر

دارالاشاعت

مقابل مولوی مسافرخانہ۔ کراچی ۱

اعتراض ۔ (۶) خود حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔

مَا غِرْتُ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ نِّسَآءِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا غِرْتُ عَلٰی خَدِیْجَۃَ وَمَا رَاَیْتُھَا قَطُّ وَلٰکِنْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُکْثِرُ ذِکْرَھَا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے سوائے خدیجہ رضی اللہ عنہا کے کسی کے حال پر مجھ کو غیرت نہیں آئی حالانکہ میں نے ان کو بالکل نہیں دیکھا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کا ذکر کثرت سے فرمایا کرتے تھے۔

جواب ۔ غیرت اور رشک تو عورتوں کا طبعی تقاضا ہے! اور طبعی تقاضے پر کوئی گرفت نہیں۔ ہاں غیرت و رشک کی بنا پر کوئی قول و فعل خلاف شرع سرزد ہو تو البتہ گرفت کا موقعہ ہوتا ہے۔

حدیث صحیح میں ایک واقعہ مذکور ہے کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کسی بیوی کے گھر میں تھے کہ ایک دوسری زوجۂ محترمہ نے آپ کے لئے عمدہ کھانا تیار کرکے بھجوا دیا مگر ان محترمہ نے غیرت کے مارے خادمہ سے طشت لے کر زمین پر پٹخ دیا کہ طشت تو ٹوٹا ہی کھانا بھی بکھر گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھانے کی حرمت کے لحاظ سے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔ بنفس نفیس خود اٹھے اور کھانا چننے لگے، ساتھ ہی یہ بھی فرماتے جاتے، غارت امکم۔ مگر اس کے علاوہ نہ ان محترمہ رضی اللہ عنہا سے کچھ فرمایا نہ ناراض ہوئے۔ جب اس معاملہ میں نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی محترمات کے ساتھ یہ سلوک و معاملہ ہے ایسے غیرے کو حق کہاں پہنچتا ہے کہ ان امہات محترمات رضی اللہ عنہن کو اعتراض کا نشانہ بنائے۔ اور اپنی عاقبت خراب کرے!

کتب امامیہ میں تو ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق یہ درج ہے کہ انہوں نے ائمہ کے معاملہ میں حسد و رشک کا اظہار فرمایا، تو ان کے مقابلہ میں بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ غیرت کیا وزن رکھتی ہے۔ اور کیسے اس پر یہ لوگ اعتراض کر سکتے ہیں۔

اعتراض ۔ (۷) حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا، آخر عمر میں فرمایا کرتی تھیں قَاتَلْتُ عَلِیًّا وَلَوَدِدْتُ اَنِّیْ کُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا۔ میں علی (رضی اللہ عنہ) سے لڑ پڑی۔ اور میری خواہش ہے کہ میں بھولی بسری بات ہوتی!

جواب ۔ ان الفاظ سے کوئی روایت بطریق صحیح منقول نہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ یوم جمل کی یاد جب بھی آتی، آپ بے اختیار اتنا روتیں کہ چادر مبارک آنسوں سے تر ہو جاتی۔ یہ رونا اس بنا پر ہوتا کہ کاش میں نکلنے میں جلدی نہ کرتی، پہلے حالات کی تحقیق کیوں نہ کرلی، غور و فکر کیوں نہ کیا۔ کہ اتنا زبردست المیہ پیش آگیا۔ اگر یہ اپنی لکھی ہوئی بات منوانے پر اتنے مصر تو اہل سنت کی معتبر، صحیح اور مستند کتابوں کی بات بھی تو سنیں اور اسے قبول کریں جن میں ایسے ہی الفاظ جناب علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں کہ جب ام المومنین رضی اللہ عنہا کے لشکر کو ہزیمت ہو گئی اور دونوں طرف کے کافی لوگ ہلاک و شہید ہو گئے تو آپ جب مقتولین کی لاشوں کے ملاحظہ کے لئے گئے تو اپنے زانو پیٹ پیٹ کر یہ فرما رہے تھے، یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ ھٰذَا وَکُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا۔ (اے کاش میں اس سے پہلے مر کر بھولی بسری بات کیوں نہ ہو گیا)۔ اگر جناب صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایسا فرمایا بھی ہو تو وہ اسی قبیل سے ہوگا۔ اور حیاں مقصد انصاف پسندی، اور رجوع بحق ہو وہاں طرفین سے اسی قسم کے احساسات ندامت کا اظہار ہوتا ہے۔ جو باہم مرتبہ شناسی پر مبنی ہوتا ہے!

کیا یہ تعجب اور دکھ کی بات نہیں کہ ایسے قابل قدر جذبات و احساسات کو بھی یہ لوگ مطاعن میں شمار کرتے ہیں۔

اعتراض ۔ (۸) کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ مبارکہ کو جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن تھا اپنے والد اور ان کے دوست حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا مقبرہ بنا دیا۔

جواب ۔ کتب اہل سنت میں جو احادیث صحیحہ مروی و منقول ہیں ان سے ثابت ہے کہ گاہ بصراحت گاہ باشارہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشین خبری دی ہے کہ یہ دونوں محترم حضرات آپ کے جوار میں مدفون ہوں گے! چنانچہ جب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی تدفین وہاں پاگئی تو جناب علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

ران پیٹنا سنت صحابہ

معاویہ بن حکم سلمی بیان کرتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پیچھے ہم نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک شخص کو چھینک آئی۔ میں نے اسے یرحمک اللہ کہا تو قوم نے مجھے گھورا، میں نے ان سے کہا کہ تم مجھے کیوں گھورتے ہو تو صحابہ کرام نے اپنی رانوں کو پیٹا۔

السنن الکبری للبیهقي - ج2 صفحہ نمبر 354
لسنن الکبری للنسائي حصہ اول صفحہ نمبر 297

قارین ران پیٹنے کے عمل کو باطل قرار دینے والے صحابہ کے عمل کا بھی خیال رکھیں۔ صحابی ران پیٹتے ہے کیونکہ ان کی خصوصیت ہی یہ ہے کہ صحابہ کسی فعل پر اعتراض نہیں کرتے خواہ اچھا ہو یا برا اور شیعوں کے ہر فعل پر اعتراض کرتے ہیں خواہ وہ اچھا فعل ہی کیوں نہ ہو۔ اگر صحابہ کرام کے اعمال ماتم کرنے سے باطل نہیں ہوتے بیچارے شیعوں کے اعمال امام حسین علیہ السلام میں ماتم سے کیسے باطل ہو سکتا ہیں۔

السنن الكبرى

للإمام
أبي بكر أحمد بن الحسين بن علي البيهقي
المتوفى سنة ٤٥٨ هـ

تحقيق
محمد عبد القادر عطا

الجزء الثاني

المحتوى

تتمة كتاب الصلاة

* * *

منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

٣٣٤٩ ـ وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ، وأبو بكر القاضي، وأبو عبد الله إسحاق بن محمد بن يوسف السوسي، قالوا: ثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا أبو عتبة أحمد بن الفرج الحجازي، ثنا محمدبن حمير، ثنا الأوزاعي، عن يحيى بن أبي كثير، عن ابن أبي ميمونة، عن عطاء بن يسار، حدثني معاوية بن الحكم السلمي، قال: بينا أنا مع

(١) في جـ: «وجد علي أني أبطأت عليه».

Copyrighted material

رسول الله ﷺ في الصلاة إذ عطس رجل من القوم فقلت: يرحمك الله فحدقني القوم بأبصارهم، فقلت: واثكل أمياه ما لكم تنظرون إلي، قال: فضربوا بأيديهم على أفخاذهم قال: فلما رأيتهم يسكتوني لكني سكت، قال: فلما فرغ رسول الله ﷺ من الصلاة دعاني فبأبي وأمي رسول الله ﷺ ما رأيت معلماً قبله ولا بعده أحسن تعليماً منه والله ما كهرني ولا ضربني ولا سبني قال: «إن صلاتنا هذه لا يصلح فيها شيء من كلام الناس إنما هو التكبير والتسبيح وتلاوة القرآن».

أخرجه مسلم من حديث الأوزاعي.

٣٣٥٠ ـ أخبرنا أبو علي الروذباري، أنبأ أبو بكر محمد بن بكر، ثنا أبو داود، ثنا محمد بن يونس النسائي، ثنا عبد الملك بن عمرو، ثنا فليح، عن هلال بن علي، عن عطاء بن يسار، عن معاوية بن الحكم السلمي، قال: لما قدمت على رسول الله ﷺ علمت أموراً من أمور الإسلام، فكان فيما علمت أن قيل لي: إذا عطست فاحمد الله وإذا عطس العاطس فحمد الله فقل يرحمك الله، قال: فبينا أنا قائم مع رسول الله ﷺ في الصلاة إذ عطس رجل فحمد الله فقلت: يرحمك الله رافعاً بها صوتي فرماني الناس بأبصارهم حتى احتملني ذلك، فقلت: ما لكم تنظرون إلي بأعين شزر، قال: فسبحوا، فلما قضى

كتاب

السنن الكبرى

للإمام أبي عبد الرحمن أحمد بن شعيب النسائي

المتوفى سنة ٣٠٣هـ

قدم له

الدكتور عبد الله بن عبد المحسن التركي

أشرف عليه

شعيب الأرنؤوط

حققه وخرج أحاديثه

حسن عبد المنعم شلبي

بمساعدة مكتب تحقيق التراث في مؤسسة الرسالة

الجزء الأول

مؤسسة الرسالة

عن أبي هُريرةَ، أنَّ أعرابياً دخل المسجدَ، فَصَلَّى ركعتَيْنِ، ثم قال: اللهُمَّ ارحمني ومحمداً، ولا تَرْحَمْ معنا أحداً، فقال رسولُ الله ﷺ: «لقد تَحَجَّرْتَ واسِعاً»(1).

[المجتبى: ٣/١٤، التحفة: ١٣١٣٩].

١٠٠ـ نسخُ ذلك وتحريمه

٥٦١ـ أخبرنا إسحاقُ بنُ منصور، قال: أخبرنا محمدُ بن يوسفَ، قال: حدثنا الأوزاعيُّ، قال: حدثني يحيى بنُ أبي كثير، عن هلالِ بنِ أبي ميمونةَ، قال: حدثني عطاءُ بن يسار

عن معاويةَ بنِ الحكم السُّلَميِّ، قال: بينا أنا مَعَ رسولِ الله في الصَّلاة، إذ عَطَسَ رَجلٌ مِن القوم، فقلتُ: يَرْحَمُكَ الله، فحدَّقني(2) القومُ بأبصارهم، فقلتُ: واثُكْلَ أُمِّيا، مالكم تنظرون إليَّ؟ قال: فَضَرَبَ القومُ بأيديهم على أفخاذهم، فلما رأيتهم يُسَكِّتوني، لكني سكتُّ(3)، فلما انصرفَ رسولُ الله ﷺ، دعاني ـ بأبي وأُمي هو ـ ما ضَرَبَني ولا كَهَرَني ولا سَبَّني، ما رأيتُ معلِّماً قبلَه ولا بعدَه أحسنَ تعليماً منه، قال: «إنَّ صلاتَنا هذه لا يَصْلُحُ فيها شيءٌ مِن كلامِ النَّاس، إنما هي التسبيحُ والتكبيرُ وتلاوةُ القُرآن» قال(4): ثم اطَّلعتُ غُنَيمةً لي فذكرتُ(5)... الحديثَ مختصرٌ(6).

[المجتبى: ٣/١٤، التحفة: ١١٣٧٨].

---

(١) أخرجه أبو داود (٣٨٠)، والترمذي (١٤٧).

وسيأتي برقم (١١٤١)، وانظر ما قبله.

وهو في «مسند» أحمد (٧٢٥٥).

(٢) في (ت) و(ز): «فحذفني».

(٣) وقع في الأصلين: «لكني ما سكت» وزيادة «ما» لا معنى لها، وسيأتي عند المصنف دونها، وكذلك هي في مصادر التخريج.

(٤) ليست في (ت) و(ز).

(٥) في (ت) و(ز): «فذكر».

(٦) أخرجه البخاري في «خلق أفعال العباد» (٢٦) و(٦٩) و(٧٠)، ومسلم (٥٣٧) و٤/صفحة ١٧٤٩، وأبو داود (٩٣٠) و(٣٢٨٢) و(٣٩٠٩).

وسيأتي برقم (١١٤٢) و(٨٥٣٥).

وهو في «مسند» أحمد (٢٣٧٦٢)، وابن حبان (١٦٥) و(٢٢٤٧) و(٢٢٤٨).

وفي الحديث خبر الجارية التي لطمها، وقد رواه بعضهم مطولاً وبعضهم رواه مفرقاً.

صحابی کاماتم روزہ ٹوٹنے پر

سعید ابن مسیب سے روایت ہے کہ ایک اعرابی آیا۔ رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنے سینے کو پیٹتا ہوا اور بال نوچتا ہوا اور کہتا تھا کہ ہلاک ہوا وہ شخص جو نیکیوں سے دور ہے۔ تو فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کیا ہوا بولا میں نے صحبت کی اپنی بیوی سے رمضان کے روزے میں۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ایک غلام آزاد کرنے کی استطاعت ہے؟ عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ فرمایا: بیٹھ جائو۔ پس رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کھجوروں کا ایک ٹوکرا پیش ہوا۔ فرمایا کہ اسے لے کر خیرات کر دو۔ عرض گزار ہوا کہ مجھ سے زیادہ حاجت مند تو کوئی بھی نہیں۔ فرمایا: خود کھالو اور اسکے بدلے میں ایک دن کا روزہ رکھ لینا۔

(موطاامام مالک، کتاب الصیام، صفحہ نمبر 242)

یہ سینہ کوبی حضور ﷺ کے سامنے ہوئی۔امر ممنوع سے روکنا حضور ﷺ کا فرض ہے۔لہذا ثابت ہوا کہ مزہبی نقصان پر اس قسم کا مظاہرہ جائز ہے۔اگر امر دنیا ہوتا تو حضور ﷺ منع فرما دیتے۔شہادت مولا امام حسین علیہ السلام بھی امر دین ہے اس میں کیوں نا ماتم کیا جائے اور اسکی اہمیت کو ظاہر کیا جائے۔

وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ

احادیثِ نبویہ کا اوّلیں جامع اور مستند مجموعہ

مؤطا امام مالک (مکمل) علیہ الرحمۃ

مجلد

تصنیف

امام مالک بن انس رضی اللہ عنہ

متوفی ۱۷۹ھ

ترجمہ و تحشیہ

علامہ مولانا عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری

نظر ثانی و تخریج

محمد نواز نظامی

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

